

ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | ہفتہ 21 جون 2025ء، 23 ذوالحجہ 1446ء، 07 ہاڑ 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 58

آزاد کشمیر، برقیات کے نادہندگان کے خلاف آپریشن کا فیصلہ، 23 جون تک بقایاجات جمع کروانے کی ڈیڈ لائن

صارفین 23 جون تک واجبات بہرصورت جمع کروائیں، بقایاداروں سے کسی بھی قسم کی نرمی نہ برتنے کا فیصلہ، سوفیصد ریونیو، ریکوری اہداف کے حصول کا عزم، بغیر میٹر کے بجلی استعمال کرنے والوں سے نمٹنے کا فیصلہ

خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں، آپریشن پورے آزاد کشمیر میں ایک ساتھ ہوگا، گزشتہ سالوں کے بقایاجات بھی وصول کیے جائیں گے، سیکرٹری توانائی کی زیرصدارت اجلاس میں حکمت عملی تیار کی گئی، پریس بریفنگ

مظفرآباد، راولاکوٹ (صباح نیوز، دھرتی نیوز) سیکرٹری توانائی، چیف انجینئر برقیات اور ناظم برقیات کی خصوصی ہدایات پر نادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع، صارفین 23 جون تک واجبات بہرصورت جمع کروائیں، بقایاداروں سے کسی بھی قسم کی نرمی نہ برتنے کا فیصلہ، سو فیصد ریونیو، ریکوری اہداف کے حصول کا عزم، بغیر میٹر کے بجلی استعمال کرنے والوں سمیت بجلی چوروں سے سختی سے نمٹنے کا فیصلہ، خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں، تحصیلات کے مطابق رواں مالی سال 25-2024 کے آخری ایام میں ریونیو، ریکوری اہداف کے حصول کے لئے محکمہ برقیات کے اعلیٰ حکام نے بھرپور کوششیں شروع کر دی ہیں۔ نتیجہ خیز کاوشوں کے لئے محکمہ برقیات میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ صارفین کو اپنے ذمے واجبات 23 جون تک لازمی جمع کروانے (بقیہ 27 صفحہ 03)

بنگلہ دیش، چین اور پاکستان کا سہ فریقی اجلاس بیجنگ میں منعقد

چین نے تینوں ممالک کی عوامی ترقی پر مبنی مشترکہ خواہشات کو سراہا

بیجنگ (صباح نیوز) چین کے صوبہ یونان کے شہر کنمنگ میں چین، بنگلہ دیش اور پاکستان کے نائب وزرائے خارجہ اور سیکرٹری خارجہ کی سطح کا پہلا سہ فریقی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چین کے نائب وزیر خارجہ سن ویڈونگ، بنگلہ دیش کے قائم مقام سیکرٹری خارجہ روح العالم صدیقی اور پاکستان کے ایڈیشنل سیکرٹری خارجہ عمران احمد صدیقی نے شرکت کی، جبکہ پاکستان کی سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ (بقیہ 26 صفحہ 03)

اوآئی سی وزراخارجہ کونسل کا 51 ویں اجلاس

استنبول (صباح نیوز) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار 21 اور 22 جون کو منعقد ہونے والے اسلامی تعاون (بقیہ 28 صفحہ 03)

آزاد کشمیر کا تیسرا بجٹ اسمبلی میں بحث کے بغیر منظور ہوا، فاروق حیدر

صورتحال برقرار رہی تو اس نظام کی ضرورت اور افادیت باقی نہیں رہے گی، بیان

مظفرآباد (صباح نیوز) سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ بغیر بحث کے بجٹ کو منظور کر کے سیاسی، جمہوری پارلیمانی روایات کو بلڈوز کیا گیا، ایسی کیا ایمرجنسی تھی یا کس پر بے اعتباری تھی کہ قواعد کو معطل کیا گیا وزیراعظم انجانے خوف میں مبتلا ہیں انہیں (بقیہ 29 صفحہ 03)

ہم نے لاکھوں افغان بھائیوں کی میزبانی کی ہے، شہباز شریف

آیئے ہم انسانیت اور ہمدردی کی بنیادی اقدار کے فروغ کا عہد کریں

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان نے لاکھوں افغان بھائیوں کی میزبانی کی ہے۔ وزیراعظم نے پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر پیغام میں کہا کہ پاکستان نے ہمدردی، سخاوت اور مہمان نوازی کی اقدار کو برقرار رکھا ہے، امید ہے واپس جانے والے افغان خیرسگالی کیلئے پل کا کام کریں گے۔ آیئے ہم انسانیت، ہمدردی اور تعاون کی بنیادی اقدار کے (بقیہ 25 صفحہ 03)

علاقائی کشیدگی میں کمی کیلئے فعال کردار ادا کریں گے، فیلڈ مارشل عاصم منیر

امریکی صدر سے ملاقات میں دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کا موقف بیان کیا، منفی کرداروں کا بھی تذکرہ ہوا

پاکستان عالمی دہشتگردی کیخلاف جنگ میں صف اول پر رہا ہے، عالمی میڈیا نمائندوں وکالم نگاروں سے ملاقات میں گفتگو

راولپنڈی (صباح نیوز) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان علاقائی کشیدگی کو کم کرنے اور تعاون پر مبنی سیکورٹی فریم ورک کے فروغ میں ذمہ دارانہ اور فعال کردار ادا کرتا رہے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کا امریکا کا سرکاری دورہ جاری ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے واشنگٹن ڈی سی میں سینئر سکالرز، تجزیہ کاروں، پالیسی ماہرین اور بین الاقوامی میڈیا نمائندوں سے ملاقات کی جس میں (بقیہ 30 صفحہ 03)

اسرائیل کا ایران پر حملہ، لاکھوں ایرانی احتجاج کرنے سڑکوں پر نکل آئے

مظاہرین نے اسرائیلی حملوں اور امریکی دھمکیوں کے خلاف احتجاجی مارچ کیا، امریکہ کے خلاف نعرے بازی

ایران کا اسرائیل پر ایک اور میزائل حملہ، اسرائیلی فوج کی عالمی میڈیا پر سنسرشپ، قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کی رپورٹ

تہران (دھرتی نیوز) تہران میں لاکھوں افراد نے اسرائیلی حملوں اور امریکی دھمکیوں کے خلاف احتجاجی مارچ کیا، شرکا نے اسرائیل اور امریکی مداخلت کے خلاف اور اپنے رہنماؤں کی حمایت میں نعرے لگائے۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق نماز جمعہ کے بعد ایران کے دارالحکومت تہران میں لاکھوں افراد نے اسرائیل کے خلاف احتجاج کیا، اور اپنے رہنماؤں کی حمایت میں نعرے لگائے۔ کچھ مظاہرین نے ایران میں (بقیہ 24 صفحہ 03)

مسئلہ کشمیر کا مستقل حل امن کی ضمانت ہے، پاکستان

بھارت نے پہلگام واقعے میں بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر الزامات عائد کیے، واقعے کی آزاد اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے مطالبے کو مسترد اور تحمل دکھانے کی بین الاقوامی اپیلوں کو نظرانداز کیا، منیب احمد

دنیا بڑھتی ہوئی عدم تحفظ، پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول میں رکاوٹوں کا سامنا کر رہی ہے، موسمیاتی دباؤ، بھوک اور محرومی دنیا کے کئی حصوں میں عدم استحکام کو ہوا دے رہے ہیں، پاکستانی مستقل نمائندگان کا خطاب

جنیوا (کے پی آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن نے مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام واقعے پر بھارت کی جانب سے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کو گمراہ کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ جنیوا میں اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق کی سالانہ رپورٹ پر انٹرایکٹیو ڈائیلاگ کے دوران جوابی حق کا استعمال کرتے ہوئے پاکستان کے نمائندے منیب احمد نے بھارتی جھوٹے (بقیہ 32 صفحہ 03)

نیویارک (کے پی آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ ترقی، پائیدار امن اور انسانی حقوق ایک دوسرے سے گہرے طور پر جڑے ہوئے ہیں اور غربت، محرومی، عدم مساوات اور بنیادی حقوق کی عدم فراہمی صرف ترقیاتی مسائل نہیں بلکہ تنازعات کی گہری جڑی ہوئی ساختی (structural) وجوہات ہیں۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے کھلے مباحثے بعنوان "غربت، پسماندگی اور تنازع: بین الاقوامی امن و سلامتی پر اثرات" کے دوران قومی بیان دیتے ہوئے پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ جب تک ان بنیادی محرکات کا ازالہ نہیں کیا جاتا، امن کی کوششیں نامکمل، غیر (بقیہ 33 صفحہ 03)

مظفرآباد: ARFK اور سکالر فاؤنڈیشن کے اشتراک سے KIMS مظفرآباد میں پہلگام واقعہ کے بعد جنوبی ایشیاء کے ابھرتے ہوئے سیکورٹی منظرنامہ پر منعقدہ سیمینار سے مقررین خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد: وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سے ایم این ایز ملاقات کررہے ہیں

ڈاکٹر عمر اعظم کی آل پاکستان ایڈمنسٹریٹیو سروس کے امتحان میں پہلی پوزیشن

آزاد جموں وکشمیر ایڈمنسٹریٹو سروس گروپ سے وابستہ تھے، سروس کا آغاز بطور اسسٹنٹ کمشنر کیا، مختلف عہدوں پر فائز رہے

مقابلے کے جس امتحان میں وہ پہلے نمبر پر آئے اس میں پاکستان کے چاروں صوبوں سے امیدوار شریک تھے، اہل پونچھ کی مبارکباد

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آزاد جموں وکشمیر ایڈمنسٹریٹو سروس گروپ کے آفیسر ڈاکٹر عمر اعظم نے فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام منعقدہ آل پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے امتحان میں پاکستان بھر سے پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ ڈاکٹر عمر اعظم کا تعلق آزاد جموں وکشمیر کے ضلع پونچھ (راولاکوٹ) سے ہے۔ انہوں نے اپنی سروس کا آغاز بطور اسسٹنٹ کمشنر کیا، بعدازاں وہ ڈپٹی کمشنر سدھنوتی، کوٹلی اور میرپور بھی رہے، راولاکوٹ میں بطور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اپنی خدمات سرانجام دیں، بعدازاں وہ محکمہ صحت عامہ میں ڈپٹی سیکرٹری (بقیہ 31 صفحہ 03)

انسپکٹر جنرل پولیس آزاد کشمیر رانا عبدالجبار کا دورہ راولاکوٹ

شہید طارق بشیر کانسٹیبل کی قبر پر حاضری، لواحقین سے اظہار تعزیت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) انسپکٹر جنرل پولیس آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر رانا عبدالجبار کا دورہ راولاکوٹ۔ شہید طارق بشیر کانسٹیبل کی قبر پر حاضری۔ پھول چڑھائے (بقیہ 50 صفحہ 03)

ہیلتھ رسک الاؤنس کی بحالی کیلئے وفاقی حکومت سے مطالبہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی اسپتالوں کی نمائندہ تنظیموں کے وفد نے وزارت صحت کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی، جس میں ہیلتھ رسک الاؤنس سے متعلق موجودہ صورتحال، طبی عملے کو درپیش مسائل اور ہیلتھ رسک الاؤنس کی بحالی کا مطالبہ کیا گیا۔ وفد نے موقف اختیار کیا کہ مسلسل بڑھتی ہوئی مہنگائی کے تناظر میں 2014 سے منجمد ہیلتھ (بقیہ 49 صفحہ 03)

اسرائیلی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کی ضمانت دینا ہوگی، ایرانی صدر

تہران (صباح نیوز) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ عالمی برادری کو اسرائیلی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کی ضمانت دینا ہوگی۔ ایرانی صدر نے سفارتی عمل پر ردعمل دیتے ہوئے بیان میں کہا کہ عالمی برادری کو اسرائیلی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کی ضمانت دینا ہوگی۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران ہمیشہ امن اور سکون کا خواہاں رہا ہے اسرائیلی جارحیت کا غیر مشروط خاتمہ مسئلہ (بقیہ 51 صفحہ 03)

ملک میں انتظامی طور پر مزید صوبے بنائے جائیں، وفاقی وزیر

حج مشن کامیابی سے مکمل ہوا ہے، حکومت کو سرخرو کیا ہے، قومی اسمبلی میں گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ ملک میں انتظامی طور پر مزید صوبے بنائے جائیں، وزیراعظم اور ان کی کابینہ نے مشکل وقت میں مشکل فیصلے کئے ہیں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں وفاقی وزیر مذہبی امور نے کہا کہ اس سال کا حج مشن کامیابی (بقیہ 48 صفحہ 03)

چینی ٹیکنالوجی امن وسلامتی کیلئے ناقابلِ تسخیر دیوار ہیں، مشاہد حسین

طاقت کا عالمی توازن مغرب سے مشرق کی طرف منتقل ہو رہا، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان-چائنا انسٹیٹیوٹ (پی سی آئی) کے زیر اہتمام فرینڈز آف سلک روڈ کے تحت منعقدہ پاکستان-چین ڈائیلاگ میں نامور سیاسی رہنماؤں، سفارتکاروں، اراکین پارلیمنٹ، طلبہ اور اسکالرز نے شرکت کی۔ اس ڈائیلاگ کا موضوع "پاکستان اور چین (بقیہ 47 صفحہ 03)

ہماری زمین، سمندر اور فضا ایران کیخلاف استعمال نہیں ہونی چاہئے

اسرائیل ایران کے بعد پاکستان پر نظریں گاڑے ہوئے ہے، حامد رضا

اسلام آباد (صباح نیوز) سنی اتحاد کونسل کے چیئرمین حامد رضا نے کہا ہے کہ پوری دنیا کا میڈیا کہہ رہا ہے کہ حکومت پاکستان سمندر اور فضا امریکہ کو ایران کے خلاف استعمال کرنے کے لیے دینے جارہی ہے دفتر خارجہ واضح اعلان کرے کہ پاکستان کی زمین، سمندر اور فضا ایران کے خلاف استعمال (بقیہ 46 صفحہ 03)

یونیورسٹی آف کوٹلی کا 23 واں سینیٹ اجلاس، جملہ مسائل حل کرنے پر زور

سینٹ اجلاس کی صدارت صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کی

وائس چانسلر یونیورسٹی آف کوٹلی پروفیسر ڈاکٹر زکریا ذاکر نے صدر آزاد جموں وکشمیر کو یونیورسٹی سے متعلق بریفنگ دی

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کی زیر صدارت یونیورسٹی آف کوٹلی کا 23 واں سینیٹ اجلاس ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر سینیٹ اجلاس میں وائس چانسلر یونیورسٹی آف کوٹلی پروفیسر ڈاکٹر زکریا ذاکر، سیکرٹری صدارتی امور ڈاکٹر محمد ادریس عباسی، سابق جج سپریم کورٹ جسٹس یونس طاہر، سابق وائس (بقیہ 34 صفحہ 03)

آزاد کشمیر، سرمائی تعلیمی اداروں میں 10 دن کی گرمائی تعطیلات کا اعلان

جملہ سرکاری اور پرائیویٹ سرمائی تعلیمی ادارے 21 سے 30 جون تک بند رہیں گے

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد کشمیر کے سرمائی تعلیمی اداروں میں 10 دن کی گرمائی تعطیلات کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ آزاد کشمیر کے محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے نوٹیفکیشن (بقیہ 35 صفحہ 03)

امریکا نے قطر میں موجود العدید بیس سے لڑاکا طیارے ہٹادیے

دوحہ (صباح نیوز) امریکا نے قطر میں موجود العدید بیس سے لڑاکا (بقیہ 36 صفحہ 03)

وزیراعظم نے پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کے بیڑے میں اضافے کیلئے لیز پر جہاز لینے کی منظوری دے دی

وزیراعظم کی زیرصدارت پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کے امور پر جائزہ اجلاس، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر بحری امور جنید انور شریک ہوئے

بحری جہاز کم ہونے سے سمندری تجارت پر سالانہ 4 بلین ڈالر کا زرمبادلہ خرچ کرنا پڑ رہا ہے، دو ہفتے کے اندر اندر پی این ایس سی کا بزنس پلان پیش کیا جائے، شہباز شریف

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے پی این ایس سی کے بیڑے میں اضافے کیلئے لیز پر بحری جہاز لینے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعظم کی زیر صدارت پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کے امور پر جائزہ اجلاس ہوا، جس میں وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر بحری امور جنید انور چودھری اور پی این ایس سی کے اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔ دوران بریفنگ وزیراعظم کو پی این ایس سی کی کارکردگی پر بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ ادارے کے پاس مختلف نوعیت کے دس بحری جہاز ہیں جو کہ 724643 ٹن کارگو لے جانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف (بقیہ 52 صفحہ 03)

آزاد جموں وکشمیر لاء کمیشن کا چوتھا اجلاس، نظام عدل وانصاف میں بہتری کے لیے تجاویز پر غور

اجلاس کی صدارت چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر/ چیئرمین لاء کمیشن جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے کی، چیف جسٹس ہائی کورٹ سمیت دیگر ممبران کی شرکت

عدالتی پالیسی ساز کمیٹی اور لاء کمیشن کو فعال رکھنا نظام عدل وانصاف میں بہتری کے لئے لازمی تقاضا ہے، اپنی ذمہداریاں پوری کی جائیں، چیف جسٹس کا خطاب

مظفرآباد (پی آئی ڈی) چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر/ چیئرمین لاء کمیشن جسٹس راجہ سعید اکرم خان کی سربراہی میں آزاد جموں وکشمیر لاء کمیشن کا چوتھا اہم اجلاس سپریم کورٹ کے کانفرنس روم نمبر 1 میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف (بقیہ 37 صفحہ 03)

راولاکوٹ آل آزاد کشمیر ہاکی چیمپئن شپ کا فائنل میچ آج ہوگا

پہلے سدھنوتی نے باغ کو 0-1 سے جبکہ دوسرے سیمی فائنل میں راولاکوٹ نے میرپور کو 1-6 سے شکست دی

فائنل 21 جون بروز ہفتہ دن 3 بجے خان اشرف خان اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلا جائیگا، تماشائیوں میں بھرپور جوش وجذبہ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر اسپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام آل آزاد کشمیر کے فائنل میں راولاکوٹ اور سدھنوتی نے کوالیفائی کر لیا۔ سیمی فائنل میں سدھنوتی نے باغ کو 0-1 سے شکست دی جبکہ دوسرے سیمی فائنل میں راولاکوٹ نے میرپور کو 1-6 سے شکست دے کر جگہ بنائی۔ فائنل (بقیہ 53 صفحہ 03)

آزاد جموں کشمیر

سابق سینیٹر چوہدری تنویر کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی کی ڈسٹرکٹ کورٹ نے مسلم لیگ (ن) کے سابق سینیٹر چوہدری تنویر کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ سابق سینیٹر چوہدری تنویر کو دو روزہ جسمانی ریمانڈ کے بعد قتل کے مقدمے میں عدالت میں (بقیہ 41 صفحہ 03)

ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر علی شمخانی زندہ ہیں، ایرانی میڈیا کی تصدیق

تہران (صباح نیوز) ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای کے مشیر علی شمخانی زندہ ہیں، ایرانی میڈیا نے تصدیق کر دی۔ اسرائیل نے ایران پر حملوں کے پہلے روز سپریم لیڈر علی خامنہ ای کے مشیر علی شمخانی کی شہادت کا دعویٰ کیا تھا، ایرانی میڈیا (بقیہ 44 صفحہ 03)

کسی بھی وقت اسمبلی تحلیل کر سکتا ہوں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (صباح نیوز) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ کسی بھی وقت اسمبلی تحلیل کر سکتا ہوں، سازشوں کے ذریعے خیبر پختونخوا کی حکومت کو گرانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ویڈیو بیان میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ میں (بقیہ 45 صفحہ 03)

بھارت میں مسلمانوں کی مقدس املاک کو نشانہ بنانے کی منظم مہم

ریاست اتر پردیش کے علاقے شراوستی میں 65 سال پرانا تاریخی مدرسہ مسمار

نئی دہلی (صباح نیوز) بھارت میں مسلمانوں کی مقدس املاک کو نشانہ بنانے کی منظم مہم جاری ہے، مودی کی انتہاپسندانہ پالیسیوں نے بھارت میں مسلمانوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے (بقیہ 38 صفحہ 03)

ایس ڈی پی آئی اور ایئر یونیورسٹی میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط

مقصد ادارہ جاتی و باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (ایس ڈی پی آئی) اور ایئر یونیورسٹی اسلام آباد نے ایک جامع مفاہمتی یادداشت پر باضابطہ دستخط کئے ہیں، جس کا مقصد (بقیہ 40 صفحہ 03)

بنگلہ دیش میں اسلامی حکومت کے قیام کے لیے ملک گیر اتحاد پر زور

عوامی لیگ نے بنگلہ دیش کو ایک ناکام ریاست بنادیا ہے۔ پروفیسر میاں غلام پرور

ڈھاکہ (صباح نیوز) جماعت اسلامی بنگلہ دیش نے آئندہ قومی انتخابات میں اسلامی نظام کے حامی امیدواروں کی کامیابی کے لیے ملک گیر اتحاد پر زور دیا ہے۔ سلہٹ کے بیٹی بازار (بقیہ 39 صفحہ 03)

پونچھ میڈیکل کالج کے آٹھویں بیچ کے گریجویٹس کے انٹرویو مکمل

میڈیکل کالج کے 69 گریجویٹس کو ہاؤس جاب کے لیے سلیکٹ کرلیا گیا ہے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پونچھ میڈیکل کالج راولاکوٹ کے آٹھویں بیچ کے گریجویٹس کی ٹیچنگ ہسپتال راولاکوٹ میں ہاؤس جاب کے لیے انٹرویوز کا انعقاد پونچھ میڈیکل کالج (بقیہ 42 صفحہ 03)

مظفرآباد:۔ چیف جسٹس سردار لیاقت شاہین کے ساتھ بلال شکیل ایڈووکیٹ کی تصویر۔

پاکستان نیشنز ہاکی کپ میں فرانس کو شکست دے کر فائنل میں پہنچ گیا

ملائشیا میں کھیلے جانے والے نیشنز ہاکی کپ کے سیمی فائنل میں فرانس کو شکست دے کر پاکستان فائنل میں پہنچا

پاکستان کی سیمی فائنل میں رسائی کا انحصار ملائشیا اور جاپان کے درمیان میچ پر تھا، جاپان کو 1-2 سے شکست ہوئی

کوالالمپور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ہاکی ٹیم ملائشیا میں کھیلے جانے والے نیشنز ہاکی کپ کے سیمی فائنل میں فرانس کو شکست دے کر فائنل میں پہنچ گیا۔ کوالالمپور میں کھیلے گئے ایف آئی ایچ نیشنز ہاکی کپ سیمی فائنل میں مقررہ وقت تک پاکستان اور فرانس کے درمیان مقابلہ 3-3 گول سے برابر تھا، فرانس نے میچ ختم ہونے سے تین منٹ پہلے گول کر کے مقابلہ برابر کیا۔ ورین ازاں، پنالٹی شوٹ آؤٹ پر پاکستان نے 2 کے مقابلے میں 3 (بقیہ 43 صفحہ 03)

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

تاجدارِ ختمِ نبوّت و فلسطین و کشمیر بزورِ شمشیر کانفرنس
بتاریخ 23 جون بروز پیر
عبدالغفور تابانی
فاروق الحسن
خصوصی خطاب
صاحبزادہ حافظ سعد حسین رضوی
تحریک لبیک پاکستان ڈویژن پونچھ آزاد کشمیر
صابر شہید سٹیڈیم راولا کوٹ پونچھ آزاد کشمیر
تمام احباب کو شرکت کی دعوت دی جاتی ہے
رابطہ نمبر 03400823110

گرین ہل کلب ہورنہ میرہ کے زیر اہتمام 3 روزہ شاندار ایونٹ کا آغاز

اس ٹورنامنٹ کا انعقاد زیر نگرانی پونچھ والی بال ایسوسی ایشن کیا جا رہا ہے، جس میں مختلف کلبوں کا بھی خصوصی تعاون ہے

معروف نیشنل پلیئرز و قومی چینلز اس ایونٹ کی کوریج کریں گے، فائنل میچ 22 جون کو کھیلا جائیگا، شائقین کا بھرپور جوش

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) گرین ہل کلب ہورنہ میرہ کے زیر اہتمام 22 ویں آل آزاد کشمیر اینڈ تحریک اوپن آل پاکستان کلب لیول غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان (میموریل) اے اینڈ نائٹ والی بال ٹورنامنٹ زیر نگرانی پونچھ والی بال ایسوسی ایشن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ 3 روزہ اس ٹورنامنٹ کا انعقاد بوائز ہائی سکول ہورنہ میرہ کے گراؤنڈ میں مورخہ 20 جون 2025 سے کیا گیا ہے جو اگلے دو روز یعنی 21,22 جون جاری رہے (بقیہ 01 صفحہ 03)

لاہور، گواہوں کے بیانات کا اردو ترجمہ تحریر کرنے کا حکم

اردو زبان کے استعمال سے متعلق 1973 کا نوٹیفکیشن موجود ہے، فیصلہ

لاہور (صباح نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب بھر کی ماتحت عدالتوں کو گواہوں کے بیانات انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی تحریر کرنے کا حکم جاری کر دیا، جسٹس طارق ندیم نے ایک اہم فیصلے میں کہا کہ عدالتوں میں اردو زبان کے استعمال سے متعلق 1973 کا نوٹیفکیشن موجود ہے، مگر بدقسمتی سے آج تک اس پر عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ پنجاب کی ماتحت عدالتوں میں اب (بقیہ 02 صفحہ 03)

تیسری عالمی جنگ کے خطرات بڑھ چکے، لیاقت بلوچ

اسرائیل امریکہ کو جنگ میں گھسیٹنے کی کوشش کر رہا ہے، شدید مذمت

لاہور (صباح نیوز) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ اسرائیل نے نہتے مظلوم فلسطینیوں کا قتل عام کیا، وحشیانہ اور جنگی جرائم کے ارتکاب کے ساتھ غیر بستیوں، رہائشی علاقوں، سکولز، ہسپتالوں، امدادی کیمپوں سمیت پوری غزہ پٹی میں بمباری کر کے تباہی پھیلا دی لیکن اپنے مقاصد کے حصول میں ناکام رہا، اب بزدل، شکست خوردہ (بقیہ 04 صفحہ 03)

لوئر جنوبی سنگولہ رابطہ سڑک کی پختگی کا بھرپور خیر مقدم

عوام علاقہ میں خوشی کی لہر، ٹھیکیدار سردار ظہیر جنت سے اظہار تشکر

مٹھائیاں تقسیم، محکمہ شاہرات کے افسران و ذمہ داران کو بھی بھرپور مبارکباد

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) لوئر جنوبی سنگولہ روڈ منگ تا مغل آباد کس بانڈی ڈیڑھ کلومیٹر کی تکمیل پر اہل علاقہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ گورنمنٹ کنٹریکٹر سردار ظہیر جنت جن کے پاس یہ پراجیکٹ تھا کی ذاتی اور خصوصی دلچسپی اور پراجیکٹ کی تکمیل پر عوام علاقہ نے دل کی عمیق گہرائیوں سے انہیں مبارکباد پیش کی ہے۔ عوام علاقہ کے وفد جس میں سردار محمد عارف مغل، محمد عادل، محمد مشتاق، محمد ظہیر، محمد ساجد (بقیہ 06 صفحہ 03)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں یوگا کا عالمی دن آج بروز ہفتہ کو منایا جائیگا

اسلام آباد، احمد یار (صباح نیوز) پاکستان سمیت دنیا بھر میں یوگا کا عالمی دن آج 21- جون بروز ہفتہ کو منایا جائیگا اس سلسلہ میں احمد یار سمیت ملک بھر میں آگاہی تقریبات انعقاد پذیر ہوں گی جس میں شرکاء یوگا کرنے کے فوائد (بقیہ 03 صفحہ 03)

نامور شاعر و ادیب مہدی مسعود کی 7 ویں برسی آج بروز ہفتہ کو منائی جائیگی

لاہور، احمد یار (صباح نیوز) نامور شاعر و ادیب مہدی مسعود کی 7 ویں برسی آج 21 جون بروز ہفتہ کو منائی جائیگی۔ انہوں نے بچوں کیلئے نظم ہم لائے ہیں طوفان سے کشتی نکال کے، اس ملک کو رکھنا میرے بچو سنبھال کے وہ دہشت (بقیہ 05 صفحہ 03)

پاکستان بھر میں آج 21- جون بروز ہفتہ کو رواں سال کا طویل ترین دن ہوگا

اسلام آباد، احمد یار (صباح نیوز) پاکستان بھر میں آج 21- جون بروز ہفتہ کو رواں سال کا طویل ترین دن ہوگا جبکہ 22- جون بروز اتوار سے دن کا دورانیہ کم اور راتیں طویل ہونا شروع (بقیہ 07 صفحہ 03)

ایران میں پھنسے پاکستانیوں کو لے کر پی آئی اے کی دوسری خصوصی پرواز لاہور پہنچ گئی

اسلام آباد (صباح نیوز) ایران میں پھنسے پاکستانیوں کو لے کر پی آئی اے کی دوسری خصوصی پرواز آذر بائیجان کے شہر باکو سے لاہور پہنچ گئی، دوسری خصوصی پرواز کے ذریعے (بقیہ 08 صفحہ 03)

ملک نواز خان کا آزاد کشمیر کے مختلف شہروں کا دورہ

کارکنان سے خصوصی ملاقاتیں، جماعت کی مضبوطی کیلئے کردار کا عزم

حد پالی باغ، راولاکوٹ (نمائندہ دھرتی) پاکستان مسلم لیگ ن آزاد جموں و کشمیر کے مرکزی رہنماء و سابق سینئر وزیر ملک محمد نواز خان نے گزشتہ روز باغ اور راولاکوٹ کا دورہ کیا، انہوں نے اپنے دورہ کے دوران غازی آباد کے مقام پر عظیم کشمیری لیڈر و سابق صدر و وزیر اعظم آزاد کشمیر مجاہد اول سردار عبدالقیوم خان کے مزار پر حاضری دی، اور مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی، ان کے لئے (بقیہ 17 صفحہ 03)

سابق سینیٹر چوہدری تنویر جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

سول جج راولپنڈی کی جانب سے 7 روز کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی کی ڈسٹرکٹ کورٹ نے مسلم لیگ ن کے سابق سینیٹر چوہدری تنویر کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ سابق سینیٹر چوہدری تنویر کو دو روزہ جسمانی ریمانڈ کے بعد قتل کے مقدمے میں عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ سول جج راولپنڈی احسن رضا نے پولیس کے مزید 7 روز کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کر دی۔ عدالت نے ملزم کو 4 جولائی کو دوبارہ پیش کرنے کا حکم دیا (بقیہ 16 صفحہ 03)

مظفرآباد، غیر معیاری و مضر صحت دودھ کی دکانیں سیل

مشکوک اشیاء خوردنی کی فروخت کے خلاف شکایت کے اندراج کی اپیل

مظفرآباد (صباح نیوز) فوڈ اتھارٹی مظفرآباد کی غیر معیاری دودھ فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائیاں تسلسل سے جاری، موبائل فوڈ ٹیسٹنگ لیبارٹری کی رپورٹس کی روشنی میں تین دکانیں سیل کر دی گئیں۔ گزشتہ روز ٹیم فوڈ اتھارٹی مظفرآباد نے چھلہ، پلیٹ اور بیلہ نور شاہ میں دوران چیکنگ دودھ کی دکانوں سے دودھ کے سیمپل حاصل کر موبائل فوڈ ٹیسٹنگ لیب کی مدد سے موقع پر ٹیسٹنگ کی گئی۔ حاصل شدہ رپورٹ کی روشنی میں دودھ میں مضر صحت پاؤڈر اور پانی کی آمیزش پائی گئی۔ یاد ر (بقیہ 15 صفحہ 03)

راولاکوٹ۔۔۔ بلدیہ انسپکٹر رحیم خان اپنی نگرانی میں مزدوروں سے بوجوہ سینیٹری ورکرز ہڑتال صفائی کروا رہے ہیں۔

بلوچستان کے مسائل بہت گھمبیر ہو چکے، اعظم نذیر تارڑ

وفاقی حکومت بلوچستان کے لئے جو کچھ بھی کر سکتی ہے کریگی، جواب

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر خزانہ کل بجٹ پر بحث سمیٹیں گے، بلوچستان ہمارے دل کے بہت قریب ہیں وہاں کے مسائل بہت گھمبیر ہیں ہماری نیت پر شک نہ کیا جائے وفاقی حکومت صوبے کے لئے جو کچھ بھی کر سکتی ہے کرے گی، جمعہ کو ایوان بالا میں مختلف ارکان کی طرف سے اٹھائے جانے والے نکات کا جواب دیتے ہوئے وفاقی وزیر قانون (بقیہ 14 صفحہ 03)

سنگولہ میں مختلف پراجیکٹس دینے پر ممبر اسمبلی سے تشکر

کئی پراجیکٹس پر کام کی عدم تکمیل کے خلاف کنٹریکٹرز پر بھی تنقید

سنگولہ (نمائندہ خصوصی) چیئرمین یونین کونسل سنگولہ احتشام رزاق و ڈسٹرکٹ کونسلر عبدالحفیظ اعوان نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ممبر قانون ساز اسمبلی سردار حسن ابراہیم نے یونین کونسل سنگولہ میں تعمیر و ترقی اور بالخصوص رابطہ سڑکات کی تعمیر و پختگی کے لئے فنڈز فراہم کر کے عوام کے دل جیت لئے ہیں۔ عوام علاقہ ممبر اسمبلی سردار حسن ابراہیم کا شکریہ ادا کرتے (بقیہ 13 صفحہ 03)

دہلی کی تہاڑ جیل میں قید کشمیری رہنما شبیر احمد شاہ بیمار

شبیر شاہ پروسٹیٹ کینسر میں مبتلا ہیں اور فوری سرجری کے منتظر ہیں

سری نگر (کے پی آئی) نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں قید ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی جموں و کشمیر کے سربراہ شبیر احمد شاہ علیل ہو گئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق شبیر شاہ پروسٹیٹ کینسر میں مبتلا ہیں اور فوری سرجری کے منتظر ہیں، اس نازک وقت میں ان کے اہل خانہ کو صرف ان سے ملاقات (بقیہ 12 صفحہ 03)

ہمدردی کی بنیاد پر شبیر شاہ کی رہائی ضروری ہے، محمود ساغر

شبیر شاہ کو علاج معالجے کی ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

اسلام آباد (کے پی آئی) ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی کے قائم مقام چیئرمین محمود احمد ساغر نے اسلام آباد میں جاری ایک بیان میں جیل میں غیر قانونی نظر بندی کے دوران شبیر شاہ کی حالت زار پر سخت تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ قیدیوں کو علاج معالجے کی مناسب سہولت (بقیہ 11 صفحہ 03)

راولاکوٹ:۔ ہر دلعزیز شخصیت و مینجنگ ڈائریکٹر شہنشاہ ہوٹل خواجہ خالد کے ہمراہ باغ سے تعلق رکھنے والے دبئی میں مقیم نوجوانوں کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو۔

شبیر احمد شاہ کی جلد رہائی ممکن بنائی جائے ڈی ایف پی

بھارتی عدلیہ نے بیماری کے باوجود ان درخواست ضمانت مسترد کر دی

سری نگر (کے پی آئی) جموں و کشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی نے عالمی برادری سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے تاکہ اس کے غیر قانونی طور پر قید پارٹی چیئرمین شبیر احمد شاہ کی جلد رہائی ممکن بنائی جائے، جو اس وقت پروسٹیٹ کینسر میں مبتلا ہیں اور فوری سرجری کے منتظر ہیں۔ پارٹی کے (بقیہ 10 صفحہ 03)

پاکستان ایک ذمہ دار جوہری ریاست ہے، شازیہ مری

بھارت کو منہ توڑ جواب دے کر ملک و قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار جوہری ریاست ہے، پاک فوج نے بھارت کو پیشہ ورانہ انداز میں منہ توڑ جواب دے کر نہ صرف ملک و قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا بلکہ دنیا پر ثابت کر دیا کہ وہ دشمن کے ناپاک عزائم (بقیہ 09 صفحہ 03)

نجی تعلیمی ادارے کی فیسوں میں اضافے کیخلاف 30 جون کی ڈیڈ لائن

16 سے 48 فیصد اضافہ مسترد، پرانی شرح کی بحالی، مناسب اضافے کیلئے سکول کونسل کے فوری طور پر قیام کا مطالبہ

مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت عدالت اور سڑکوں کا رخ کرنے کی دھمکی، والدین کی گزشتہ روز پر ہجوم پریس کانفرنس

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ میں قائم ایک نجی پرائیویٹ تعلیمی ادارہ میں زیر تعلیم درجنوں طلبہ کے والدین نے ادارہ کی جانب سے فیس میں یکمشت 16 سے 48 فیصد اضافے کو مسترد کرتے ہوئے اس فیصلے کے خلاف 30 جون کی ڈیڈ لائن دے دی۔ آزاد کشمیر کی حکومت، محکمہ تعلیم سمیت دیگر متعلقہ ذمہ داران سے اس ناانصافی کے خلاف فوری طور پر نوٹس لینے اور پرانی شرح کو بحال کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج اور عدالت سے رجوع کرنے کی دھمکی بھی دے دی ہے۔ جمعہ کے روز سردار انور خان، عاقب رشید، یاسر ارشاد، توقیر احمد، اجمل رشید نے غازی ملت پریس کلب (رجسٹرڈ) راولاکوٹ میں (بقیہ 18 صفحہ 03)

GHAZI-E-MILLAT PRESS CLUB RAWALAKOT
GMPC

ورلڈ بینک کے تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہیں، مریم اورنگزیب

لاہور (صباح نیوز) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ ورلڈ بینک کے تعاون اور سماجی بہتری کے لیے سرمایہ کی فراہمی پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ لاہور میں مریم اورنگزیب (بقیہ 19 صفحہ 03)

فیلڈ مارشل، ٹرمپ ملاقات خوش آئند ہے، حاجی بصری

ٹرمپ کی ایماء پر بھارت نے پاکستان کے خلاف کھلی جارحیت کی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سیاسی و سماجی کارکن حاجی بصری خان حسین کوٹ نے اپنے تحریری بیان میں کہا ہے کہ فیلڈ مارشل ٹرمپ ملاقات خوش آئند ہے مگر پاکستانی قوم کو اتنا خوش بھی نہیں ہونا چاہیے کیونکہ ایسی ملاقاتیں کئی سابق امریکی صدور کی پاکستانی صدور و وزرائے اعظموں سے ہوتی (بقیہ 20 صفحہ 03)

مقبوضہ جموں و کشمیر میں مسلم اکثریت کو جبری طور پر بے دخلی کا سامنا

40 ہزار سے زائد کشمیری گزشتہ 37 برس سے اپنے گھروں سے بے دخل ہیں جو انتہائی بے سروسامانی کے عالم میں ہیں

1947 سے اب تک 35 لاکھ سے زائد کشمیریوں نے آزاد کشمیر، پاکستان، برطانیہ اور دیگر ممالک میں پناہ لی ہے، رپورٹ

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں گزشتہ 37 برس سے جاری بھارت کے غیر قانونی تسلط اور ریاستی دہشت گردی نے ہزاروں کشمیریوں کو اپنے گھر بار چھوڑ کر ہجرت کرنے اور مقبوضہ علاقے سے باہر پناہ گزینوں کی حیثیت سے زندگی گزارنے پر مجبور کیا ہے۔ پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 40 ہزار سے زائد کشمیری بشمول مرد، خواتین اور بچے 1989 سے مہاجرین کے طور پر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ صرف جموں میں ڈوگرہ فوج اور آر ایس ایس کے ہندو جنونیوں نے 1947 میں لاکھوں مسلمانوں کو بے دخل کیا تھا۔ 1947 سے اب تک (بقیہ 21 صفحہ 03)

انسانی حقوق کی تنظیمیں شبیر شاہ کی رہائی میں مدد کریں، حریت کانفرنس

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں قید ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی جموں و کشمیر کے سربراہ شبیر احمد شاہ کی خرابی صحت پر تشویش کا اظہار (بقیہ 22 صفحہ 03)

مسلم کانفرنس کے بزرگ رہنما قاضی عبدالواحد کا انتقال

نماز جنازہ میں سرکردہ زعماء کی شرکت، بخشش کیلئے خصوصی دعائیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مسلم کانفرنس کے بزرگ رہنما مجاہد اول کے دیرینہ ساتھی قاضی عبدالواحد (علی سوجل) انتقال کر گئے۔ ان کی نماز جنازہ میں راولاکوٹ مسلم کانفرنس کے نئے صدر حاجی سردار نواز حیات، مرکزی رہنما قاضی کامران شریف، ضلع پونچھ کے (بقیہ 23 صفحہ 03)

راولاکوٹ: مسلم کانفرنس کے بزرگ رہنما مجاہد اول کے دیرینہ ساتھی قاضی عبدالواحد (علی سوجل) کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

آپ جہاد نہیں کر سکتے تو کم از کم بائیکاٹ تو کیجئے
آپ بھی قاتل ہیں !
اسرائیل روزانہ پانچ سو مسلمانوں کو قتل کر رہا ہے روزانہ سو بچوں کو شہید کر رہا ہے آپ بھی فلسطینی بچوں کے قتل میں ملوث ہیں اگر آپ انکی مصنوعات استعمال کر رہے ہیں تو آپ بھی قاتل ہیں۔
KFC
BOYCOTT
خدارا !
ہمیشہ کے لئے اسرائیلی مصنوعات کا استعمال بند کر دیں اگر آپ یہ سب نہیں کھائیں گے یا پئیں گے تو مر نہیں جائینگے۔
Pakistani Brands

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
HD NEWS
YouTube Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✸ ایڈیٹر: عمر خیام

آرمی چیف کی امریکی صدر سے ملاقات

پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان وائٹ ہاس میں ہونے والی ملاقات نے بھارت کو پریشان کر کے رکھ دیا ہے۔ بھارتی وزیراعظم مودی کنیڈا میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات سے محروم رہے تاہم امریکہ میں جنرل عاصم منیر کو ملاقات کے لیے ٹرمپ نے مدعو کرلیا۔ اس صورت حال کو جہاں پاکستان میں ایک بڑی سفارتی کامیابی کے طور پر دیکھا جا رہا ہے وہیں بھارتی میڈیا اور اپوزیشن پر جنون طاری کر دیا ہے۔ بھارتی عوام کے ساتھ ساتھ بھارتی اپوزیشن پارٹی کانگریس بھی مودی کی حکومت پر شدید تنقید کرتی نظر آرہی ہے۔ انڈین نیشنل کانگریس) آئی این سی (نے اپنے آفیشل ایکس اکانٹ پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی خارجہ پالیسی کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا اور اس پر تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ ویڈیو میں کہا گیا کہ ایک طرف پاکستانی آرمی چیف عاصم منیر وائٹ ہاس میں موجود ہیں جبکہ دوسری طرف مودی جی سیون اجلاس میں گروپ فوٹو لینے میں مصروف ہیں اور بے چینی سے منتظر ہیں کہ کوئی انہیں بھی دیکھے۔ انہوں نے مودی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انڈین وزیراعظم اپنی تصاویر ان لیڈران کے ساتھ سوشل میڈیا پر اپلوڈ کرنے میں مصروف ہیں جو انہیں تصاویر بنواتے وقت بلانا تک بھول گئے۔ مودی کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا گیا کہ جو مودی پاکستان کو دیوار سے لگانے کی باتیں کرتا تھا کہ وہ انہیں دنیا میں تنہا کر دے گا آج وہ امریکا میں ملاقاتوں میں مصروف ہیں اور انہیں وی آئی پی ٹریٹمنٹ دیا جا رہا ہے۔ ویڈیو میں مزید کہا گیا کہ مودی کی سرپرستی میں انڈیا کی خارجہ پالیسی خاموش ہے جبکہ دنیا نے مائیک پاکستان کو پکڑا دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عالمی تنہائی کوئی خارجہ پالیسی نہیں کہتے بلکہ یہ ناکامی ہے۔ انڈین نیشنل کانگریس نے ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ قیادت سے پیچھے رہ جانے تک کا سفر۔

ایک صارف نے ویڈیو پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کی چیخیں نکل گئیں۔ منیب فاروق نے ویڈیو پر تبصرہ کرتے ہوئے ہندوستانیوں کو کہا کہ آگ میں جلو۔ پاکستان مضبوط سے مضبوطی کی طرف جائے گا۔ اعجاز بن حبی لکھتے ہیں کہ کانگریس پارٹی حقیقی معنوں میں ملکی اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے کیس کی نمائندگی کر رہی ہے۔ صحافی حسن ایوب خان نے کہا کہ پاکستان کی شان فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر مودی سرکار کے لیے ڈرانا خواب ہیں۔ مخدوم شہاب الدین نے کہا کہ کانگرس نے مودی کو اس کی اوقات دکھا دی۔ فرحان ورک نے کہا کہ بھارت میں عاصم منیر کے امریکی دورے کے بعد چیخیں نکل رہی ہیں۔ وہی بھارت جو بولتا تھا کہ پاکستان کی اوقات نہیں کہ اس کا ذکر کیا جائے، اب تسلیم کر رہا ہے کہ پاکستان سفارتی محاذ پر ہم سے بہت آگے نکل گیا ہے۔ یاد رہے پاکستان آرمی چیف 14 جون سے امریکہ کے دورے پر ہیں اور امریکی صدر سے ان کی ملاقات پہلے سے ہی طے شدہ تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گذشتہ 15 برس میں کسی پاکستانی فوجی سربراہ اور امریکی صدر کے درمیان اپنی نوعیت کی پہلی ملاقات تھی۔ اس سے قبل 2001 میں جنرل پرویز مشرف نے بطور صدر اور فوجی سربراہ، اس وقت کے امریکی صدر جارج بش سے ملاقات کی تھی۔ اس وقت پوری دنیا کی نظریں پاکستان پر جمی ہوئی ہیں اور موجودہ حالات کے پیش نظر ہر کوئی پاکستان کے کردار کی بات کر رہا ہے، اس وقت ضرورت اس امر کی ہیکہ پاکستان کی اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت دنیا کے نازک ترین حالات کا ادراک کرتے ہوئے تمام مسلم ممالک کیلئے ایسا کردار ادا کرے جس سے پاکستان کی لیڈرشپ کا رول نمایاں ہو اور مسلم اتحاد و یکجہتی کو برقرار رکھتے ہوئے دنیا بھر میں حق و باطل کے معرے کا فرق بھی نمایاں ہو سکے۔ اس وقت ایران اور اسرائیل جنگ کی وجہ سے بھی اس ملاقات کو انتہائی اہمیت کی نظروں سے دیکھا جا رہا ہے اور سیاسی حلقوں کی جانب سے امریکہ کی جانب سے پاکستان میں امریکی اڈوں کیلئے جگہ کا مطالبہ پیش کرنے کے خدشات بھی سامنے آرہے ہیں لیکن چونکہ اسرائیل مسلمانوں کا ازلی دشمن ہے اور اس دشمن کے خلاف پاکستان نے اپنے قیام سے آج تک ایک ہی صدا بلند کی تو ایسے حالات میں اس طرح کی افواہیں مکمل بے بنیاد ہیں اور چونکہ اسرائیل کو اس وقت امریکہ کی مکمل سرپرستی حاصل ہے اور ایک طرح سے امریکہ نے اسے اس ظلم و بربریت کا لائسنس دے رکھا ہے تو یہ بات بھی انتہائی اہمیت کی حامل قرار پاتی ہے کہ پاکستان کس طرح سے امریکہ اور اسرائیل کے خلاف اپنی سفارتی کامیابیاں حاصل کرنے میں کامیاب ہوتا ہے۔

محترمہ بے نظیر بھٹو کی سیاست عوام سے جڑی تھی

مہمان کالم
عبدالفتاح عباسی

آج 21 جون ہے اسی دن ملک کے پہلے منتخب وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کی بڑی صاحبزادی محترمہ بے نظیر بھٹو کی یوم پیدائش ہے، 21 جون 1953ء میں بے نظیر بھٹو سندھ کے دارالحکومت کراچی میں شہید ذوالفقار علی بھٹو کے ہاں پیدا ہوئی۔ محترمہ بے نظیر بھٹو ملک کی واحد خوش نصیب عورت تھی جس کا والد حد درجہ دلیر، بہادر، ملک پر قربان ہونے کو ترجیح دی مگر جلاوطن ہوکر ملک سے بھاگ جانے کو گالی سمجھا۔ بے نظیر بھٹو نے اپنے والد ذوالفقار علی بھٹو کا دور اقتدار اور شاہی درباروں کے درمیان میں بھی زندگی گزاری اور پھر اپنے والد شہید ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے بعد 1979ء سے 1987ء تک ڈکٹیٹر کا سیاہ دور بھی دیکھا آخر کار 1988ء میں والد کی طرح پورے پاکستان میں اس کے نعرے لگنے لگے۔ اس کے بعد اس کا اقتدار مختصر رہا پھر دوسری مرتبہ اقتدار رہا مگر محترمہ بے نظیر بھٹو ایک ملنگ قسم عوامی لیڈر تھی جو بس ہر حال میں اپنے ملک کے پسے غریب عوام کو خوش دیکھنا چاہتی تھی، اس بڑا عرصہ جلاوطن بھی رکھا گیا، ضیاء یا مشرف کی حکومتوں میں بے نظیر بھٹو کو کس طرح عوام سے دور رکھا گیا۔ اسی لیے تو 21 جون شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی پیدائش کا دن ہو یا پھر 27 دسمبر کا دن پاکستان کے صوبہ سندھ کے ضلع لاڑکانہ کے قریب ہی ملک کے سب سے زیادہ سیاسی شہداء کے قبرستان گڑھی خدا بخش بھٹو میں ملک کے پہلے منتخب وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو اور ملک کی پہلی خاتون وزیراعظم محترمہ بے نظیر بھٹو اور انکے بھائیوں شہید میر مرتضیٰ بھٹو اور شہید میر شاہنواز بھٹو کی قبروں پر ہزاروں ورکرز کارکنان جانثاران کے ہجوم میں زندہ ہے بھٹو زندہ ہے بھٹو کے نعرے سنائی دیتے ہیں، لاڑکانہ کے گڑھی خدا بخش بھٹو قبرستان میں سیاسی شہید کے مزارات پر بے تحاشہ رش رہتی ہے۔ اسی دوران پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سمیت سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختون خواہ، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر سمیت دیگر ممالک سے کارکنان ورکرز بڑی تعداد میں شرکت کر کے خراج تحسین پیش کرتے ہیں، سندھ حکومت میں شامل پاکستان پیپلز پارٹی کے وزراء، سپیکرز، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے ممبران کے علاوہ دیگر سیاسی جماعتوں کے قائدین نے بھی شرکت کی. گڑھی خدا بخش قبرستان میں میلے کا سماں رہتا ہے اور سندھ کے شہر لاڑکانہ گڑھی خدا بخش میں سردی گرمی کی کوئی پرواہ نہیں کی جاتی ہے، لیکن اس کے باوجود بھی شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے کارکن ورکرز اپنے قائدین کے مزارات پر پرجوش انداز میں خراج تحسین پیش کرنے کے لیے جوق در جوق شریک ہوتے ہیں. جس میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے جاتے ہیں اور لاڑکانہ کے علاوہ سندھ بھر کی پولیس مرد خواتین کو مقرر کیا جاتا ہے. لاڑکانہ کے اندر شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی برسی اور سالگرہ کے انتظامات پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی وہ واحد ملک گیر پارٹی ہے جو چاروں صوبوں میں یکساں مقبول ترین عوامی پارٹی ہے. اس مرتبہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر ملک بھر کے چاروں صوبوں میں عوام انفرادی طور پر منائے گے، یہ بات ایک اٹل حقیقت ہے کہ ملک پاکستان میں جس طرح قیام پاکستان کے بعد سندھ کے لاڑکانہ کے بھٹو خاندان میں ذوالفقار علی بھٹو اور اس کی بیٹی بے نظیر بھٹو نے اپنے اقتدار میں بے روزگاری کے خاتمے کیلئے اقدامات کئے اور نوجوانوں کو روزگار دیا گیا اس طرح کسی نے بھی نہیں روزگار دیا یہ بات نہ صرف انکی پارٹی کے لوگ بلکہ ان کے سیاسی مخالفین بھی دل سے مانتے ہیں کہ واقعی وہ بے نظیر تھی. اس بے نظیر بھٹو نے اقتدار کے دونوں پیریڈ میں غریب عوام کی آواز کو سمجھا اور ان کے آواز کیلئے بڑے بڑے آمروں جابروں لٹیروں غاصبوں کو للکارا وہ تھی تو عورت مگر مردوں کی طرح گونجتی للکارتی رہی ہر ظالم کو اسی لئے کہ وہ بے نظیر بھٹو تھی، انہوں نے کبھی بھی کسی صورت بھی لالچ میں کسی جابر سے مفاہمت نہیں کی وہ عوام کی حقیقی معنوں میں ایک سچی لیڈر تھی. ملکی سیاست میں وہ تاریخی کارنامے کئے جس کا انداز کرنا مشکل ہے. بے نظیر بھٹو اور اس کے والد ذوالفقار علی بھٹو کا عوام کی خوشحالی ترقی امن و سلامتی کیلئے ویژن فلسفہ تھا. وہ ملک کے چاروں صوبوں کے غریب عوام، نوجوانوں کیلئے ایک امید تھے. پاکستان کی سیاست میں عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار شخصیات میں اگر غیر جانبدارانہ تجزیہ کیا جائے تو پھر عوامی شخصیت اور لیڈروں میں شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے نام سرفہرست ہیں. جنہوں نے اپنی پوری زندگی عوام کے خاطر قربان کردی اور وہ سیاسی شہید بن گئے. انہوں نے غیر جمہوری قوتوں اور ایک سے بڑھ کر ایک مافیاؤں کو کس قدر للکارا اور ملک کے عوام کے جائز حقوق کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا کر آخر کار باطل قوتوں کو ہرادیا اور ملک کے چاروں صوبوں کے ساتھ کشمیر کے عوام کی آواز بن کر جس طرح انکی آواز بن گئی اسی کوئی بھی فراموش نہیں کر سکتا ہے. شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو لاڑکانہ سندھ کے پیدائشی تھے. وہ بہادر قومی لیڈر تھے جنہوں نے پورے ملک پاکستان کا سیاست میں نام روشن کیا اور وہ بین الاقوامی سطح پر سیاسی طور پر جانے پہچانے جاتے ہیں. ان کے سیاسی مدبرانہ سوچ کے تحت عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن ہونے کے ساتھ ایک ترقی یافتہ ملک کے طور پر مانا جاتا رہا اور یہاں تمام اسلامی ممالک کی کانفرنسیں ہونے لگیں اور ان مدبر سوچ کے مالک شخصیات کی وجہ سے پوری دنیا کے لوگوں کی (جاری ہے۔۔۔۔۔)

پاپیادہ مسافر

چٹکا
ڈاکٹر محمد صغیر خان

یہاں بھلے وقتوں کی بات ہے جب آپ کا اور میرا راولاکوٹ ایک چھوٹا سا "بازار نما" تھا۔ گنتی کی چند کچی پکی دکانیں، ناک کی سیدھ میں بنی مارکیٹیں، سادہ اور کم کم چلتا بیوپار، تھوڑے سے لوگ جن میں سے اکثر ایک دوسرے تو کیا سب کے کف قبیلے تک کو جانتے تھے۔ خالص "سردارانہ" مزاج و انداز، یہ محدود دنیا تب بھی اپنے اندر ایک جہاں سموئے ہوئے ہوتی تھی۔ سیاست یہاں کے لوگوں میں ہی نہیں بلکہ زمین کی کھٹی میں پڑی تھی۔ وقت کے لحاظ سے آگہی بھی وافر اور شعور بھی خاصا۔ اسی کارن نصف صدی۔۔۔۔۔۔ جی ہاں نصف صدی قبل جب مقبول بٹ شہید اور ان کے ساتھی اپنی آزادی و وقار کی سوچ لئے یہاں پہنچے تو ذرا بھی مایوسی نہ ہوئی۔ یہاں وہاں کے لوگ، ان کے پاس آتے ملتے گئے اور قافلہ بنتا گیا۔ انہی ابتدائی لوگوں میں وہ بھی شامل تھا۔ نیم ناٹا قد، لمبوترا سا چہرہ، گندم گوں رنگ، چھدرے سا بال جو تب سے اب تک اسی طرح اکڑے بگڑے ہیں جیسے تب تھے۔ چال میں ٹھہراو، مزاج میں تجی، گفتگو شیرینی و ترشی کا آمیزہ، حد سے بڑھا اعتماد جو کہیں کہیں خود پسندی کی حدوں سے جاملتا تھا۔۔۔ جی ہاں 'بندہ' جب 'کھڑک' کا ہو تو مکمل 'لالہ' نا بھی ہو، کھڑاک آمیز تو ہو گا ہی۔۔۔ انہی ساری بلکہ مزید کئی ان کہی خصوصیات کو لئے سموئے وہ لڑکپن میں مقبول بٹ شہید کے قافلے میں جا شامل ہوا۔ یہ ایک اعزاز تھا جو اس کے حصے میں آیا اور یہ بھی سچ ہے کہ آج نصف صدی بعد ہم اس کے آلے دوالے کے لوگ دیکھیں، سوچیں تو یہ دراصل ایک 'عذاب' بھی تھا جو اس کے لئے چنا گیا اور ازاں بعد اُس سمیت ہم ساروں، سادوں مرادوں کے حوالے کر دیا گیا۔ ویسے درست اندازہ نہیں کہ 'وہ' ہمارے 'حوالے' ہوا یا ہم اس کے 'حوالے' کر دیئے گئے، لیکن 'حوالگی' کے باب میں وقت نے بہت کچھ اس کی جھولی میں ڈال دیا ہے۔ نظریہ، کردار، جدوجہد اور تحریک سبھی کچھ آج موجود سبھوں میں سے اس کے حصے میں نسبتاً زیادہ بلکہ بہت زیادہ آیا ہے۔ اس نے اس سب کو کتنا سنبھالا، سنبھالا، یہ تو وہی جانتا ہے، لیکن اگر دور دور سے نظارہ کیا جائے اور carewithHandle کے اصول کے عین مطابق دیکھا بھالا جائے تو متذکرہ بالا "حوالگی" میں وہ سبھوں سے کہیں آگے رہا ہے۔ اس کے ساتھ اس ابتدا آگہی وقتوں میں سے اور بھی ہوئے ہوں گے بلکہ یقیناً تھے، لیکن میں قمر شریف اور شفاعت اکرم کو ہی زیادہ جانتا ہوں۔

قمر شریف، قمر تو تھے لیکن شریف ہرگز نہ تھے، لیکن یہ تب کی بات تھی۔ اب تو سب کچھ ہونے جانے کے بعد وہ اتنے 'چپ چپیتے' سے ہو گئے ہیں کہ مجھے یقین ہے کہ میری ممانی ان سے کسی اور بات پر لڑیں جھگڑیں نا بھی تو ان کے 'سم سوڑ' ہونے پر ضرور جھگڑتی ہوں گی۔ رہی بات شفاعت کی تو وہ ابتداء ہی سے ہی عجیب شخص تھا۔ ہمارے بچپن میں وہ ہمیں وہ اوق نظریات بتاتا سناتا تھا جو اللہ کے خاص کرم کے باعث ہم ایسے 'گوال گدرے' آج بھی نہیں سکھ سمجھ سکتے۔ شفاعت نمبردار تھا اور نمبردار ہے، لیکن وہ اب بھی کسی اور جہاں کا باسی ہے۔

ہاں تو بات اس کی ہو رہی تھی، نظریہ، خود مختار کشمیر مقبول بٹ شہید اور انقلابی فکر سے اس کی شناسائی کا وافر سامان "گھر" میں موجود تھا۔ اس کے عمزاد بڑے بھائی صدیق ایڈووکیٹ بھی یہ 'مال متاع' گھر میں سنبھالے رکھتے تو لالہ حمید جو لالہ تو تھے مگر روایتی جالا اور دوشالہ اوڑھنے والے نہیں بلکہ ان سے مختلف اور منفرد لالہ حمید، بے حد خوش مزاج، 'پکے مزاجی' 'منسوڑ' مگر اعلیٰ تعلیم یافتہ انسان تھے جو رب کی خاص عطا کے باعث اس کے بڑے بھائی، سرپرست اور بھی کچھ تھے۔ گھر خاندان میں پھوٹتے ان نظریاتی سوتوں نے اسے بچپن سے ہی ذرا 'وکھرا' سا بنا ڈالا تھا۔ مزید 'نکھار' یا 'بگاڑ' اس وقت پیدا ہوا جب ہائی سکول راولاکوٹ کا طالبعلم ہوتے ہوئے مقبول بٹ شہید کی موجودگی میں اس قافلہ سخت جاں کا حصہ بنا جو کھنڈے تیشے سے شیر کھودنے کے کام تک تلا بیٹھا ہوا تھا۔ اس کی ذات بات کا تجزیہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ 'تخم تاثیر' سے ہوتا 'مجلس تاثیر' تک آیا اور وہاں سے ایک ایسا 'مجلس ساز' بن گیا کہ مجلس محفل کے بجائے طوفان اژدحام اکٹھا کرنے پر تل بیٹھا۔

وہ سب کچھ ہے مگر 'اسم باسمیٰ' ہرگز نہیں کہ نام کا تو وہ صغیر ہے مگر کام کے لحاظ سے 'کبیر' بلکہ اس سے بھی آگے کی چیز ہے۔ ویسے وہ 'چیز' کیا ہے؟ یہ تو اسے خود بھی نہیں پتا اندازہ، ہم ایسے دور دراڈے رہنے بسنے والوں کو کیسے پتا چل سکتا ہے کہ وہ ہے کیا؟

وہ سردار ہے، مگر سردار نہیں، البتہ 'سردار' ضرور ہے۔ وہ صغیر ہے مگر وہ یہ بھی نہیں بلکہ ایک بھرا پورا کشمیر ہے۔ کہنے کو وہ 'وکیل' ہے لیکن سچ میں وہ 'وکیل' بھی نہیں۔ وہ 'خاص' ہے لیکن اسے ملا دیکھا جائے تو وہ بہت عام ہے۔۔۔ تو کیا وہ واقعی 'عام' ہے؟؟۔۔۔ نہیں نہیں وہ ہرگز 'عام' نہیں۔ سیاسی زندگی اور حوالوں سے وہ بے حد اہم ہے لیکن ذاتی معاملے میں وہ عام اور اہم کے درمیان جھولتا ایک 'پینڈولم' ہے۔ ایک ایسا پنڈولم جس سے کوئی بھی تجربہ نہیں کیا جاسکتا۔

جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن سے ہوتا، پی این پی میں ذرا سی 'جھپکی' لیتا وہ جموں کشمیر لبریشن فرنٹ تک آیا تو محنت بلکہ مشقت، غربت و عسرت، نظریاتی بالیدگی اور جدوجہد کے 'پچاس سال' گزر گئے۔۔۔ پورے پچاس سال ۔۔۔ پوری نصف صدی۔۔۔۔۔۔۔۔

ذرا سوچئے، ایک غریب گھر کا ذمہ دار بندہ، جو سہولتوں نہیں بلکہ ضرورتوں سے بھی تہی ہو، پورے پچاس سال، دن رات دیکھے بغیر، آرام تجی سے لاتعلق پاپیادہ ایک مشکل راستے پر مسلسل چل رہا ہو۔۔۔ ایک ایسے راستے پر جہاں کوئی کہکشاں نہیں، تو کیا یہ کمال اور اعزاز نہیں؟۔۔۔ یہ حقیقت ہے وہ ہی نہیں اس جیسے لاتعداد دوسرے بھی انہی حالات اور کیفیات کا شکار اسی راہ پر مدتوں سے چل رہے، سوچ یہ ہے یہ بھی انوکھے اچھوتے لوگ مختلف اور منفرد ہیں۔

ہاں تو بات اس کی ہو رہی تھی تو وہ وہ ہے، جس کے لئے اس کے ذاتی اور نظریاتی دشمن بھی بلا تامل گواہی دیتے ہیں کہ وہ ہر حال میں اپنی جگہ 'ڈٹا' رہا ہے۔ وہ واقعی ڈٹا رہا ہے۔ 'ڈٹنا' اس کی فطرت ثانیہ ہے، وہ تو وہاں بھی ڈٹا رہتا ہے جہاں ڈٹنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ایسا اس لئے ہے کہ وہ اپنے مزاج کا بندہ ہے۔ اس کے مزاج میں خوبیاں بھی ہیں اور یقیناً خامیاں بھی ہوں گی کہ وہ فرشتہ نہیں انسان ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ وقت، اس کی انتھک محنت اور حالات نے لوگوں کی اس سے توقعات کچھ ایسی لگا بڑھا دی ہیں کہ اس سے اس کے مزاج کے سوا، رہنمائی و کردار کا تقاضا کیا جاسکتا ہے اور شاید یہ حق بھی ہے، لیکن اس 'عوامی' و قومی تقاضے پر کوئی تقاضا سامنے آجائے تو اس کا کیا کیا جاسکتا ہے؟

شعوری طور پر پختہ، فکری لحاظ سے راسخ جدوجہد کے حوالے سے سراپا مشقت، مزاجاً تلخ شیریں سی قوس قزح لئے مسلسل محو سفر سردار صغیر ایک آوازہ بھی ہے اور استعارہ بھی۔ پتہ نہیں کیوں؟ استعارہ سے مجھے یاد آیا کہ میں اسے کہوں کہ وہ "استخارہ" کرے اور وقت، تحریک، نظریے اور جدوجہد کو نئی جہت دے کہ وہ اس کی استطاعت بہرحال رکھتا ہے۔ "استخارہ" پر شاید کوئی چونکے کہ وہ تو ترقی پسندانہ نظریات کا رکھوالا ہے۔ جی ہاں بالکل ایسا ہے، لیکن وہ دل کا وہ مومن ہے جس کی نماز اور دعا میں انہماک و عاجزی مجھ ایسے کٹھور کی آنکھوں میں بھی نمی لے آتی ہے۔ اپنی ذاتی زندگی میں وہ 'بے حد سادا' سا بندہ ہے۔ ایسا سادا جو چھوٹے سے کھوکھے پر 'قہوے میں چینی کم' کا آوازہ لگاتا ہے اور یوں جانے کیوں خود بھی کڑ کا قہوہ پیتا ہے اور ساتھ والوں کو بھی یہ زہر پینے پر مجبور کرتا ہے۔ وہ خوش خوراک ہرگز نہیں بلکہ دیسی پردیسی کھانوں کی "کاک ٹیل" بنا کر وہ کھاتا ہے کچھ کھانا اس کے بس میں ہرگز نہیں ہوتا لیکن وہ۔۔۔۔ ہے نا۔۔۔ کب ہے؟۔ وہ ذاتی تعلق میں بے حد 'رقیق القلب' ہے۔ جن باتوں پر لوگ بھاگ جاتے ہیں وہ ان پر بھی رو دیتا ہے۔ سو اس سے مزاج انداز کے اختلاف کے باوجود دوری ممکن نہیں۔

ذرا سوچئے! نصف صدی ننگے پاؤں، زخمی جبہ لہولہان وجود، کرچی کرچی سوچیں لئے گرتا پڑتا مسلسل چلتا مسافر، تھکا تو بھی ہو تو اسے کیسے نظر انداز کیا جاسکتا ہے؟

وہ ایک ایسا مسافر ہے جس نے سامان زیست پایا ہی نہیں کہ کھوتا۔ وہ لیر لیر دامن لئے آغاز سے چلا تھا۔ اب تک اسی انداز میں محو سفر ہے۔ اس سفر میں بہت کچھ ایسا ہوا ہو گا جو نہیں ہونا چاہیے تھا، لیکن بہت کچھ ایسا بھی ہوا ہو گا جو بہت ضروری تھا۔ سو فائدے خسارے کی بحث کو ایک جانب رکھ کر، مشقتوں بھرے سفر اور پاپیادہ مسافر کی ستائش اور اس کے لئے دلی دعا اس کا حق ہے، ہاں یہ ضرور ہے کہ اسے محسوس کرنا چاہیے کہ وہ 'صغیر' ہے لیکن اب 'صغیر' نہیں ہے اسے وہ توقیر ملی ہے کہ وہ اپنا کشمیر سے ہوتا ایک پورا 'کشمیر' بن چلا ہے، لہٰذا اسے ضرور اپنے آپ کو اپنے سفر کو اور جواز سفر کو دیکھنا جانچنا چاہیے کہ یہ منصب اسے وقت نے دیا ہے اور وقت کی آواز نہ سننا کوئی صائب عمل نہیں۔ لیکن یاد رہے کہ بے حد مشکل حالات میں مسلسل جادہ پیمائی ایک قابل لحاظ امر ہے اور ہنر بھی جسے تاریخ ہر حال میں سراہتی ہے۔ راولاکوٹ بازار میں اظہر کیانی و جنت سے تحول کرتا خلیل و تصدق سے نپے مارتا یہاں دھماں بکتیں کرتا جاوید کی ہمراہی میں چلتا موقع بے موقع کڑھتا جلتا مفلسی کی ردا اوڑھے مخلصی کا عصا تھامے مسلسل محو سفر کردار کا دھنی سردار صغیر ہمارا وہ اثاثہ ہے جس کا احساس ہماری ذمہ داری ہے کہ وہ ہماری اساس کی ابتدا ہے۔ سردار صغیر اور اس جیسے سبھوں سے کلی جزوی اختلاف کے باوجود ان کو سوچنا۔۔۔۔ جی ہاں سوچنا تو چاہیے۔۔۔۔ ایک برمحل عمل ہو گا کہ یہ لوگ پاپیادہ ہمارے لیے مدتوں سے چلتے مصائب جھیلتے رہے ہیں۔۔۔۔ اور شاید سردار صغیر تادم واپسیں یہی کرتا رہے گا کہ وہ وکھرے مزاج کا بندہ ہے جو اپنی سوچوں و آدرشوں سے بندھا ہوا ہے۔ نصف صدی ایک ہی مدار و معیار میں چلنے والا سردار صغیر ۔۔۔۔۔۔۔ صغیر۔۔۔ نہیں ہے۔۔ کاش یہ حقیقت وہ خود بھی جان پاتا اور ہم بھی سمجھ سکیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایران اسرائیل جنگ اور مار آستین

سید زاہد حسین نعیمی

امریکا دنیا کا سپر پاور ہونے کا دعویدار ہے۔ اس کے نیو ورلڈ آرڈر کے مطابق دنیا میں صرف اُس کا حکم چلتا ہے۔ جو وہ چاہے گا وہی ہو گا۔ چنانچہ دنیا بھر میں جہاں جہاں اُس کے مفادات کو خطرہ تھا، اُس نے مختلف حربے استعمال کر کے اپنی بالادستی قائم رکھنے کی کوشش کی۔ روس کو ٹھکانے لگانے کے لئے ہر وہ طریقہ استعمال میں لایا جو وہ اپنے مفاد میں سمجھتا تھا۔ امریکا میں حکومتیں بدلتی رہیں، لیکن اُن کی جان کینیڈی سے ڈونلڈ ٹرمپ تک قومی پالیسی ایک ہی رہی۔ اسی کے مطابق اُس نے روس کو ٹھکانے لگایا۔ باقی بڑی طاقتوں کو اُس نے کبھی خاطر میں نہیں رکھا، البتہ چین نے خاموشی سے اپنی معاشی ترقی کو عروج بخش کر امریکا کو سوچنے پر مجبور کر دیا۔

بہرحال یہ ایک الگ بحث ہے۔

سب سے زیادہ مسلم دنیا اور خاص کر عرب دنیا پر امریکا کا قبضہ ہے اور انہیں اپنے تابع رکھنے کے لئے اُس نے اسرائیلی ریاست کو مضبوط سے مضبوط کیا ہے۔ عرب حکمران پہلے ہی امریکا کے بغل بچہ ہیں، لیکن اس خطے کی ایک بڑی قوت ایران ہے۔ رضا شاہ پہلوی کے دور تک یہ مکمل مغربی طاقتوں بالخصوص امریکا کا تابع فرمان تھا۔ ایرانی روحانی پیشوا امام خمینی کے انقلاب ایران نے امریکا اور مغربی ممالک کی اُمیدوں پر پانی پھیر دیا۔ امریکا، برطانیہ اور مغربی دنیا کے مفادات کو سخت دھچکا لگا۔ ایران کو نیچا دکھانے اور اُسے کمزور کرنے کے لئے امریکا نے عرب دنیا کو اپنے ساتھ ملایا اور شیعہ سنی بلاک میں تقسیم کر کے دنیا بھر میں فرقہ وارانہ فسادات شروع کروائے۔ اس فرقہ پرستی کا سب سے زیادہ شکار پاکستان ہوا۔ دوسری طرف اسرائیل کو تحفظ دینے اور مضبوط کرنے میں مغربی طاقتوں کا بالعموم اور امریکا کا بالخصوص مکمل ہاتھ رہا ہے۔ وائٹ ہاؤس سے اقوام متحدہ تک امریکا پیش پیش رہا ہے۔ امریکا ہی کی پالیسی کے مطابق عرب ممالک میں بعض نے اسرائیل کو تسلیم کیا۔ اس کے ساتھ معاشی اور اقتصادی معاہدے کیے۔

عرب ممالک میں ایران کا خوف پیدا کیا، کہ ایران اس خطے میں بالادستی چاہتا ہے۔ اس طرح اپنا اسلحہ بھی فروخت کیا اور فوجی اڈے بھی مشرق وسطیٰ میں قائم کیے۔ بظاہر یہ ایران سے ان ممالک کو بچانا اور حفاظت کا بہانہ تھا، لیکن اس کی آڑ میں اپنے فوجی اڈے قائم کرنا اور اسرائیل کو تحفظ دینا اور اُسے ایران سے بچانا تھا۔ یمن کے حوثیوں کے خلاف ۳۶ مسلم ممالک کا اتحاد اسی کا شاخسانہ ہے۔ چنانچہ حالیہ اسرائیل کی فلسطین میں جارحیت اور غزہ کے مسلمانوں پر اسرائیلی بربریت نے یہ ثابت کر دیا کہ ایسا ہی ہے۔ یمن کے حوثیوں نے اسرائیل پر جتنے حملے کیے ان سب کو راستے میں ہی سعودی، اردن اور دیگر امریکی فوجی اڈے پر سے ہی روک دیا گیا۔ اسرائیل نے اپنی حالیہ ایران پر جارحیت میں اب تک ایران کی اہم تنصیبات اور اہم مقامات پر حملے کیے۔ اس کے اعلیٰ فوجی آفیسران اور ایٹمی سائنسدان نشانہ بنائے گئے۔ اس سب کی منصوبہ بندی اسرائیل نے بہت پہلے سے کی تھی۔ اسرائیلی خفیہ جاسوسی تنظیم "موساد" نے اپنا سارا نیٹ ورک ایران میں پھیلا رکھا تھا۔ یہاں تک کہ اس نے پاسداران انقلاب اور ایرانی فوج میں بھی اپنے جاسوس پال رکھے تھے۔ اسماعیل کانی جو اعلیٰ فوجی قیادت میں کلیدی حیثیت رکھتا تھا، اسرائیل کا جاسوس نکلا۔ کیتھرین پیریز شکدام وہ خاتون جو چند سال قبل ایران میں داخل ہوئی۔ بظاہر اسلام قبول کیا، اس نے اپنی حکمت عملی سے ایران کے تمام راز حاصل کیے اور اسرائیل کو منتقل کر دیئے۔ پھر چپکے سے اسرائیل فرار ہو گئی۔

چند ماہ پہلے ایران کے صدر کو فضائی حادثہ میں شہید کر دیا گیا تھا۔ اسماعیل ہانیہ کو خاص اپنے کمرے میں ٹارگٹ کیا گیا تھا۔ یہ تمام شواہد ایران کی فوج، پاسداران انقلاب، خفیہ ایجنسیوں میں موجود اُن غداروں اور مار آستینوں کی نشاندہی کرتے ہیں، جنہوں نے ایران کی فوجی تنصیبات کی تمام معلومات اسرائیل کو مہیا کی تھیں۔ اسرائیل، ایران جنگ شروع ہوتے ہی اسرائیل کا اُن تنصیبات کو نشانہ بنانا ایران کے لئے بھی باعث تشویش ہے۔ ایران کے اندر خفیہ فیکٹریاں ایسی تھیں جہاں اسرائیلی ایجنٹ ڈرون بنا رہے تھے اور ایران کے اندر سے حملے کر رہے ہیں۔ اب ایران نے اکثر کو پکڑ لیا ہے، کم از کم سات اسرائیلی جاسوس پکڑے گئے ہیں اور ان کے علاوہ پکڑے جانے والوں میں موساد کے جاسوس ۲۰ فیصد بھارتی، ۳۵ فیصد افغانی اور ۵ فیصد خود مقامی ایرانی ہیں۔ خود اسرائیلی بھی بھارت کے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ پر ایران میں داخل ہوتے ہیں اور اسرائیل کے لئے کام کرتے ہیں۔ ایرانیوں کا روشن خیال طبقہ کی مذہبی قیادت سے آزادی ہے۔ وہ بھی ایرانی حکومت سے چھٹکارا چاہتا ہے۔ یہ ایران کی وہ بہت بڑی غفلت اور سیکورٹی ناکامی ہے جس نے ایران کو ہی نہیں بلکہ ایران سے ہمدردی رکھنے والوں کو بھی پریشان کر دیا ہے۔

اب تک کی صورت حال میں ایران نے وہ کر دکھایا ہے جس کی توقع نہ اسرائیل کو تھی اور نہ ہی امریکا اور اس کے اتحادیوں کو۔ ایسے میں سعودی عرب، اردن، مصر اور جہاں جہاں امریکا کے فوجی اڈے ہیں۔ وہ بھی میر جعفر اور میر صادق ثابت ہوئے ہیں۔ حالانکہ چاہیے تو یہ تھا کہ اپنے ذاتی اختلافات کو ایک طرف رکھ کر ایران کے ساتھ مکمل طور پر کھڑے ہوتے۔ اڈے امریکا اور اسرائیل کے لئے ان کے زبانی ایران کے ساتھ ہونے کا مطلب صاف ظاہر ہے۔ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا۔ اسرائیل کی ایران پر جارحیت سے پہلے امریکی صدر کا مشرق وسطیٰ کا دورہ کرنا بھی اسرائیل کے لئے حمایت حاصل کرنا تھا۔

پاکستان کے فیلڈ مارشل سید آصف منیر کا امریکا کا دورہ اور شاہی مہمان بننا کہیں اُن کی دنیا بھر میں پائی جانے والی عزت پر پانی نہ پھیر دے۔ اس لئے پاکستانی فوج اور سیاسی قیادت کو بہت ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ ان حالات میں اور بھی زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے، جبکہ اسرائیلی وزیراعظم نے ایران کے بعد اگلا ہدف پاکستان کو قرار دیا ہے۔ اگر چہ امریکی صدر اس کی صفائیاں دے رہے ہیں، لیکن دشمن پر کبھی بھروسہ نہیں کیا جاسکتا ہے۔

پاکستان کی بعض مذہبی جماعتوں نے ایران کے ساتھ مذہبی اختلافات کو ایک طرف رکھ کر اُسے تعاون و مدد کا اعلان کیا ہے، جو قابل ستائش اور ضروری ہے۔ اس سے کہیں بڑھ کر ضروری ہے کہ وہ عرب ممالک میں اپنا اثر و رسوخ استعمال کریں۔ کم از کم ایران کے لئے رکاوٹ نہ بنیں۔ یہ وقت مسلم امہ کو اتحاد اور یک زبان ہونے کا ہے۔

مولانا طارق جمیل امت مسلمہ کے عظیم داعی

کرنیں
قاضی ظہور احمد
Qazizahoor@gmail.com

تاریخ شاہد ہے کہ دین اسلام کو جب بھی تقویت ملی اس کے پیچھے اخلاص اور عاجزی کا وہ سمندر تھا جس نے بھی دین کے ساتھ سچی اور دوستی رکھی ان کو جہازوں کی مانند چلایا اور اللہ نے اپنے نافرمانوں کو سمندر میں غرق کر دیا ہے۔ تقوی وہ ہتھیار ہے جس کے سامنے مادی اسباب کے سارے ہتھیار فیل ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ موسیٰ علیہ سلام نے تقویٰ کا وہ پیمانہ اختیار کیا جس کو قیامت تک ہر انسان کے سبق چھوڑا۔ فرعون کے تمام مادی نقشے اور جنگی ساز و سامان تقوی کے مقابل تباہی و برباد ہو چکے آگے چل کر تاریخ نے یہ بھی محفوظ کر لیا دین کو زندہ کرنے اور آگے دوسرے انسانوں تک پہنچانے کے لئے سمندر کو عبور کر کے کشتیاں توڑ ڈالی تھیں دعوت تبلیغ وہ مبارک محنت ہے جس کے نتیجے میں پوری دنیا میں بالعموم اور پاکستان میں بالخصوص لاکھوں کی تعداد میں مسلمان ایمان والی زندگی سیکھ رہے ہیں اور غیر مسلم اسلام کے اندر داخل ہو رہے ہیں بات زیر قلم مولانا طارق جمیل امت برکاتہ کی علمی وار عملی محنت جو انہوں نے دعوت تبلیغ کے اندر کی ہے اس کو لانا چاہتا ہوں اس میں کوئی شک نہیں کہ امت مسلمہ کے اندر اللہ تعالیٰ نے ہر دور میں اپنے خاص بندوں کے ذریعے دین کا کام لیا چنانچہ ہندوستان میں 1924 میں اللہ نے [illegible] سب نے توحید اور رسالت کا علم بلند کیا بچپن کے دور میں ریڈیو اور ٹیپ کے ذریعے علماء کی تقریر سنا کرتے ابھی حضرت مولانا حق نواز جھنگوی مولانا ضیا احمد فاروقی کی تقاریر جب ٹیپ ریکارڈ کے ذریعے سنتے تو لوگ وہاں بیان سننے کے لئے جمع ہو جاتے جب یوم عاشورہ کے دن آتے تو تو دل کو رولا دینے والی آواز سنتے میری مراد مولانا شفیع اوکاڑوی کو سنتے 1990-91 کی بات ہے جب راقم پہلی مرتبہ تبلیغی اجتماع جو کہ اسلام آباد میں ہوا تھا اس میں شامل ہوا تو وہاں پر عام آدمی کی زبان پر تھا کہ اللہ کرے کہ مولانا طارق جمیل کا بیان ہو پوچھنے پر بتایا گیا کہ رائونڈ کے بڑے عالم ہیں وہاں شاید ان کا بیان نہ سنا لیکن بعد میں بذریعہ کیسٹ سنا جس پر انہوں نے حضرت ابراہیم علیہ سلام اور نمرود کا واقع سناتو یوں لگا کہ یہ کوئی واقعی اللہ کا ولی ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت مولانا طارق جمیل سے وہ کام لیا کہ دنیا کے چھ براعظم تک جا پہنچے پھر اسلام آباد کے اکثر اجتماعات کے اندر جب مولانا کا بیان ہوتا تو اجتماع کے تمام شعبوں کے اندر کام کرتے ہوئے چھوڑ کر بیان سننے لگ جاتے وقت گزرتا گیا۔ مولانا کی محنت رنگ لائی [illegible] سیاستدانوں پر محنت کی اور دعوت تبلیغ کے کام پر لگایا 2014 میں جب راقم ساتھ ماہ کے لئے جماعت کے ساتھ افریقہ کے ملک کینیا کے لئے سفر کیا تو وہاں ایک اسلامی ادارہ سنٹر میں جانا ہوا تو وہاں کے احباب نے بڑی گرم جوشی سے ملے اور عربی زبان میں پوچھا کہ آپ لوگ مولانا طارق جمیل کو جانتے ہیں تو وہاں معلوم ہوا اللہ نے مولانا طارق جمیل سے کتنا کام لیا۔ پھر سال 2006 میں جب مولانا طارق جمیل اپنے بیٹے مولوی یوسف کی راولاکوٹ میں تشکیل ہوئی تو اور وہ ان کی نصرت کے لئے تشریف لائے تو ان کے آنے کی خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی مسجد میں کرنا مشکل ہو گیا چنانچہ مشورے سے بلدیہ اڈے کے میدان میں پنڈال سج گیا دوسے دن بیان ہوا پورا راولاکوٹ شہر بند ہو گیا حتی کے ڈپٹی کمشنر پونچھ نے عام تعطیل کا اعلان کر دیا دیکھتے دیکھتے عوام کا ایک جم غفیر مجمع بن گیا بیان کے بعد مختلف اوقات کے لے جماعتیں اللہ کے راستے میں نکلیں خوش قسمتی سے راقم کی پارے کی جماعت میں تشکیل تھی۔ وقت گزرتا گیا مولانا کے بیانات اسمبلی کے اندر ہوتے گے بعد مولانا کے بیانات میڈیا کے اندر نشر ہونے لگے چونکہ دعوت تبلیغ کی ترتیب رائونڈ مرکز کے تحت ہوتی چلی آتی ہے۔ کیسی سیاسی پلیٹ فارم یا ٹی وی میڈیا کے ذریعے نہیں ہوتی ۔۔۔ مانسہرہ اجتماع کے حوالے سے ایک دل خراش واقع ہوا جو انتہائی دکھ دینے والا معاملہ رونما ہوا۔ مولانا طارق جمیل کو روکا گیا اور پھر بعد میں بیان کا مشورہ نہ ہوسکا ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا اس سے مولانا کو بہت دکھ ہوا اگرچہ مولانا طارق جمیل مشورہ نہیں [illegible] اندر کوئی حرج نہ آئے اور مولانا صاحب کو بھی چاہیے کہ اپنے بڑوں کی ترتیب کے مطابق کام کریں اللہ پاک ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ علماء کی قدر کرنا ہم سب کیلئے لازم و ملزوم ہے۔

ظفریات کتاب کے مصنف کا اعترافی مضمون حالات حافظہ

ظفر اقبال ظفر

زندگی کا وہ وقت بہت پیچھے گزر چکا ہے جب دماغ اپنی جوانی میں تھا اور فقط پڑھنا ہی حفظ ہو جاتے جیسا ہوتا تھا اب میں قوی حافظے کا مالک نہیں رہا اکثر بھول جاتا ہوں جیسے کپڑوں میں روپے بھول جانا رات کو کیا کھایا تھا کسی سے کیا کہا تھا کس سے ملا تھا اپنا موبائل فون چابیاں اور دیگر اشیاء ہی نہیں بلکہ عمارت کاروبار بند کر کے لائٹیں بند کی ہیں یا نہیں بھول جاتا ہوں یادداشت کمزور ہونے کی وجہ سے اکثر کیے ہوئے کاموں کے نہ ہونے کے گمان میں مبتلا ہو جاتا ہوں اس بھولنے نے مجھے یقین کے فیصلے سے دور کر دیا ہے۔

ایک دن میں گھر سے کچھ سامان لینے بازار آیا اور دوکان پر پہنچ کر یہ بھول گیا کہ میں لینے کیا آیا ہوں اس صورتحال نے مجھے ایسے گہرے دکھ میں مبتلا کر دیا جیسے جسم کے کسی قیمتی اعضاء کے کھو جانے پر ہوتا ہے اکثر میرے حق میں مددگار باتیں اور یادیں ضروری وقت پر حاضر نہیں ہوتیں۔ نہیں بھول پاتا تو ماضی حال کی تلخ باتیں دکھ زیادتی مصیبت پریشانی پچھتاوا نقصان بدسلوکی بداخلاقی ظلم ناانصافی جیسے ہر تکلیف دہ حادثات کو نہیں بھول پاتا بلکہ یہ نا چاہتے ہوئے دماغ پر سوار رہنے والے وہ دشمن خیالات ہیں جو میرا مائنڈ میں بھی پیچھا نہیں چھوڑتے سوتے ہوئے اچانک آنکھ کھل جائے تو فوری یاد آجاتے ہیں جیسے زندگی اپنی سزا سے غافل نہ ہونے کی ذمہ داری نبھا رہی ہو میری زوجہ کا مزاج غمگین ہے دکھی احساسات و محسوسات اپنی ذات کے ہوں یا پرائے مجھے اپنی گہرائیوں میں آسانی سے لے جاتے ہیں جس کا خوشی سے ایمان اٹھ چکا ہو اور غم پر یقین بن گیا ہو اسے رنگینیاں متاثر نہیں کرتیں۔

ایک ایسا وجود جس کا دنیا میں جی نہیں لگتا مگر جانا اسی کی مرضی پر ہے جس کی مرضی پر آنا ہوا تھا صاحب کتاب ہونا میرے لیے ایسی ہی اہمیت کا حامل ہے جیسی صاحب ایمان ہونا یا صاحب اولاد ہونا ضروریات حیات نے فکر روزگار میں ایسا جکڑا ہوا ہے کہ فکر آخرت کا سامان بھی نہیں ہو پا رہا جو میرے دنیا کے دکھوں میں سے سب سے بڑا دکھ ہے اگر خدا کی رحمت اور حضور اکرم صلعم کی شفاعت کا یقین نا ہوتا تو میرا مرنا بھی جینے جیسی سزا ہوتا میرے ذہن کو حالات کے خیالات کے تشدد نے زخم دے دے کر نہ صرف کمزور کر دیا ہے بلکہ غم زمانہ نے ہونٹ بھی سی رکھے ہیں اس لیے مضمون کے مطابق لفظوں جملوں پر مبنی تحریر کا تسلسل قائم رکھنے کی گرفت نہیں میری سوچیں پل پل میں پٹڑی سے اتر جاتی ہیں کتاب آپ کو راستے تو دکھا سکتی ہے مگر چلنا استاد ہی سکھاتا ہے مجھے اس قلمی ہنر کو پورا کرنے کا موقع نہیں ملا میری کمزور سوچ مقصد سے دور ابہام کے جنگلوں میں بھٹک رہی ہے اور میں اتنا خوش قسمت لکھاری بھی نہیں ہوں کہ لکھتے لکھتے میرا قلم بولنے لگے کہ یہ یہ لکھتے جاؤ۔

ہاں کبھی حالات بدل گئے اور ایسا ادبی ماحول میسر آ گیا فکر ضروریات سے نجات مل کر ذہنی تلخیاں ختم ہو گئیں تو وعدہ کرتا ہوں کہ صحت مند ادب کتابی شکل میں پیش کر کے اس کتاب کی محرومیوں کا کفارہ ادا کروں گا اس لیے اسلوب کی کمی اور تحریری خلا کے جگہ جگہ پیدا ہونے پر اپنے پڑھنے والوں سے ہاتھ جوڑ کر معافی چاہتا ہوں مجھے ڈر ہے ماضی کے بے فیض خدوخال ابھارتے ہوئے کہیں حال بدنما نہ کر بیٹھوں اس لیے آگے بڑھتے ہیں۔

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
(ادارہ)......

بقیہ 1

گا۔ اس ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 22جون کو کھیلا جائے گا۔ جس میں پہلا انعام ایک لاکھ تیس ہزار روپے، دوسرا انعام ساٹھ ہزار روپے، سیمی فائنلسٹ میں بیس بیس ہزار روپے جبکہ بیسٹ بلا کر اسٹیٹر ایمپیروں دس ہزار روپے، ایمرجنگ پلیئر آف دی ٹورنامنٹ 5 ہزار روپے جبکہ بہترین ٹیم سپرٹ کیلئے بھی 5ہزار روپے سمیت دیگر انعامات و ٹرافیاں بھی رکھی گئی ہیں۔ اس حوالے سے سرپرست اعلیٰ گرین ہل کلب ہورنہ میرہ سردار شاذیب شبیر، صدر سردار سیاب شریف، جنرل سیکرٹری سردار طالب حیات و دیگر نے مختلف امور کی نگرانی کیلئے خصوصی کمیٹیاں بھی تشکیل دی ہیں جو اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہی ہیں۔ اس ٹورنامنٹ میں ضلعی لیول کے ریفری و دیگر مہمانان خاص بھی شرکت کریں گے اور آزاد کشمیر کی تاریخ میں پہلی مرتبہ قومی سطح کے کمنٹیٹر اس ایونٹ کی کوریج کریں گے۔

بقیہ 2

بھی گواہوں کے بیانات صرف انگریزی زبان میں ریکارڈ کئے جاتے ہیں، جس سے انصاف کی فراہمی میں رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں، خاص طور پر جب اردو ترجمہ گواہ کی غیر موجودگی میں کیا جائے۔ یہ فیصلہ محمد عرفان عرف بوبی کی اپیل پر جاری کیا گیا، جسے شہری عبدالناصر کے قتل کے مقدمے میں سزائے موت سنائی گئی تھی، عدالت نے شواہد کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اس کی سزا کو عمر قید میں تبدیل کر دیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ موقع پر موجود دو چشم دید گواہوں کے بیانات میں تضاد سامنے آیا، جو ممکنہ طور پر انگریزی ٹائپنگ کی غلطی کا نتیجہ تھا۔ جسٹس طارق ندیم نے لکھا کہ قانون کے مطابق گواہوں کے بیانات ان کی مادری زبان میں تحریر کئے جانے چاہئیں اور یہ عمل ملزم یا اس کے نمائندے کی موجودگی میں ہونا چاہیے، چشم دید گواہوں، میڈیکل رپورٹس اور دیگر شواہد کی روشنی میں استغاثہ نے مقدمہ ثابت کر دیا، تاہم ترجمے کی خرابی کی وجہ سے سزا میں نرمی برتی گئی۔ عدالت نے رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ کو حکم دیا کہ یہ فیصلہ تمام سیشن ججز، سول ججز اور وزارت قانون و انصاف کو ارسال کیا جائے، ساتھ ہی تمام عدالتی افسران کو ہدایت دی گئی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آئندہ گواہوں کے بیانات ان کی موجودگی میں انگریزی کے ساتھ اردو میں بھی تحریر کئے جائیں۔

بقیہ 3

کے متعلق شعور اجاگر کریں گے۔ الیکٹرانک میڈیا پروگرام نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

بقیہ 4

و اسرائیل امریکہ کو جنگ میں گھسیٹنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایران۔اسرائیل جنگ میں امریکہ کی براہ راست مداخلت تیسری عالمی جنگ کا نقارہ ہوگا، یہ اب ممکن نہ ہوگا کہ امریکہ اسرائیل کی ناجائز حمایت اور سرپرستی کرے اور اپنے آپ کو یک محوری (یونی پولر) طاقت بنالے، چین اور روس کو اپنی بقا اور ساکھ کے ساتھ دنیا کو نئی غلامی سے بچانے کے لیے اس میدان میں براہ راست آنا پڑے گا۔ اسلامی ممالک کے داخلی و خارجی سطح پر اپنے اپنے چیلنجز ہیں لیکن عالمی محاذ پر بڑھتے خطرات کے مقابلے کے لیے عالم اسلام کا اتحاد ناگزیر ہو چکا ہے۔ ملت اسلامیہ کی قیادت کو دلیرانہ، جرات مندانہ اور مدبرانہ فیصلہ کر کے اعلیٰ مقاصد کے حصول کو ترجیح بنائیں اور ایک ایجنڈا بن جائے۔ لیاقت بلوچ نے لاہور ہائیکورٹ جاوید اقبال آڈیٹوریم میں فلسطین کانفرنس میں شرکت کی اور لاہور چیمبر آف کامرس کے کانفرنس ہال میں "بین المذاہب ہم سب پاکستانی ہیں" کانفرنس سے خطاب کیا اور جماعت اسلامی کے مرکز منصورہ میں سیاسی امور پر وفود اور تنظیم اسلامی، البصیرہ اور جماعت اسلامی کے نمائندگان سے دینی جماعتوں کی کانفرنس کے امور پر مشاورت میں کہا کہ وقت اور حالات نے ثابت کر دیا ہے کہ مغربی سرمایہ دارانہ نظام، جاگیردارانہ وڈیرہ شاہی نیٹ ورک، مغربی تہذیب سرمایہ دارانہ نظام اور مادر پدر آزاد و اخلاق باختہ لادینیت نے پوری دنیا میں انسانوں کو ناقابل تلافی بحرانوں، مشکلات اور تباہی سے دوچار کیا ہے، ظالم اور مظلوم کی جنگ میں اہل حق کو اسلام اور اعلیٰ نظریاتی کردار کے ساتھ بابرکت اسلامی نظام کے ثمرات سے انسانیت کو بہرہ مند کرنا ہوگا۔

بقیہ 5

گردی اور انتہا پسندی کے شدید مخالف تھے ۔21جون 2018 کو وفات پاگئے تھے

بقیہ 6

، محمد یاسین راشد و دیگر شامل ہیں نے خصوصاً ایکسین ای شاہرات اور انجینئرز سمیت تمام محکمہ کے ذمہ داران کا بھی شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے خصوصی طور پر اس پراجیکٹ کی تکمیل میں اپنا اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 7

ہو جاتی ہیں 21 ۔جون کو سال کا طویل ترین دن 14۔ گھنٹے تک روشن رہے گا جبکہ اس دوران موسم گرما کی شدت بھی برقرار رہے گی ۔22۔دسمبر کی رات کو دن دوبارہ طویل اور راتیں مختصر ہونے لگیں گی۔

بقیہ 8

121 پاکستانیوں کو واپس لایا گیا ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق ایران میں پھنسے ہم وطنوں کو لے کر پی آئی اے کی دوسری خصوصی پرواز آذربائیجان کے شہر باکو سے لاہور پہنچ گئی، پی آئی اے کی خصوصی پرواز پی کے 7160 کے ذریعے ایران میں پھنسے ہوئے 121 مسافر جمعہ کی سہ پہر 3 بجکر 40 منٹ پر بحفاظت وطن پہنچے ایرانی فضائی حدود بندش کے باعث، ایران میں موجود پاکستانی شہری زمینی راستے کے ذریعے آذربائیجان کے شہر باکو پہنچے۔ اس تمام عمل میں ایران اور آذربائیجان میں پاکستانی سفارتخانوں نے کلیدی کردار ادا کیا۔

بقیہ 9

کو خاک میں ملانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، دنیا کے سامنے بھارتی چہرہ بے نقاب کر کے کامیاب دورے سے واپسی پر بلاول بھٹو زرداری کا کراچی میں والہانہ استقبال کیا جائے گا۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے اعلیٰ سطحی پارلیمانی وفد کے ہمراہ امریکا سمیت یورپ کے مختلف ممالک کے 11 روزہ دورے میں اقوام عالم کو پہلگام واقعہ کی سچائی بتا کر بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی نوجوان قیادت کو جو مشن سونپا وہ انہوں نے کامیابی سے پورا کیا، وفد نے مجموعی طور پر 64 اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کیں جن میں امریکی اراکین پارلیمنٹ، تھنک ٹینکس اور سفارتی مشنز سے ملاقاتیں شامل تھیں اور پوری دنیا کو بھارتی فالس فلیگ آپریشن اور اس کی جارحیت اور سندھ طاس معاہدے کو منسوخ کرنے کے غیر قانونی یکطرفہ اقدامات سے آگاہ کیا۔ دوسری جانب بھارت نے بھی ایک وفد بھیجا جو اپنی کمیونٹی کے لوگوں کے ساتھ کھانے کھاتے اور گانے گاتے دکھائی دیے اور کسی تھنک ٹینک نے ان کی آواز نہیں سنی۔ شازیہ مری نے کہا کہ پہلے دن سے کہہ رہے ہیں کہ پہلگام واقعہ فالس فلیگ آپریشن تھا، مودی کا کیس صرف پروپیگنڈہ ہے جبکہ پاکستان کا کیس سچا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے بتایا کہ ہم امن کے خواہاں ہیں، پاکستان ہی وہ ملک ہے جو دہشت گردی کا خاتمہ چاہتا ہے جبکہ بھارت نے ہمیشہ من گھڑت بیانات کے ذریعے سازشیں کیں، اب دنیا بھارت کی حقیقت جان چکی ہے

بقیہ 10

ترجمان ایڈووکیٹ ارشد اقبال نے آج یہاں جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ یہ انتہائی افسوسناک ہے کہ بھارتی عدلیہ کو شبیر احمد شاہ کی سنگین بیماری کا علم ہونے کے باوجود انہیں ضمانت دینے سے انکار کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ شاہ اس وقت تہاڑ جیل میں قید ہیں اور پروسٹیٹ کینسر جیسے موذی مرض سے لڑ رہے ہیں، لیکن افسوس کی بات ہے کہ اس نازک وقت میں ان کے اہل خانہ کو نہ صرف ان سے ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی بلکہ ان کے علاج کے دوران ان کے ساتھ موجود رہنے کا حق بھی سلب کر لیا گیا ہے۔ ترجمان نے اسے بنیادی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ بھارتی حکومت سے اس مسئلے پر بات کریں تاکہ اس نازک مرحلے میں ان کے ساتھ ہمدردانہ سلوک کیا جا سکے اور اہل خانہ کو ان کے قریب رہنے کی اجازت دی جائے۔

بقیہ 11

کی عدم فراہمی بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی اور ان کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہے۔ محمود ساغر نے کہا کہ ایک طرف بھارتی جیل حکام نے شبیر شاہ کی بگڑتی ہوئی صحت کو مجرمانہ طور پر نظرانداز کر رکھا ہے جبکہ دوسری طرف بھارتی عدلیہ نے ان کے اہلخانہ کی جانب سے بھی بنیادوں پر انکی رہائی کی بار بار کی درخواستوں کو مسترد کر دیا ہے۔ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر شبیر شاہ کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے، انہوں نے انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ نظربند حریت رہنما کو علاج معالجے کی ضروری سہولیات کی فراہمی کیلئے بھارت پر دباؤ بڑھائیں۔ شبیر احمد شاہ کی جلد رہائی ممکن بنائی جائے۔ ڈی ایف پی

بقیہ 12

کی اجازت نہیں دی جا رہی بلکہ ان کے علاج کے دوران ان کے ساتھ موجود رہنے کا حق بھی سلب کر لیا گیا ہے۔ کشمیری رہنماؤں نے ان کی بگڑتی ہوئی صحت پر تشویش کا اظہار کیا ہے، جموں وکشمیر میں پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی سربراہ محبوبہ مفتی نے بھارتی حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ علیل حریت رہنما شبیر احمد شاہ سے ہمدردانہ سلوک کرے۔ محبوبہ مفتی نے ایک پر ایک پوسٹ میں شبیر شاہ کی گرتی ہوئی صحت پر سخت تشویش کا اظہار کیا اور انہیں علاج معالجے کی مناسب سہولت کی فراہمی پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ مشکل کی اس گھڑی میں شبیر شاہ کے اہلخانہ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شبیر شاہ طویل عرصے سے نئی دہلی کی بدنام زمانہ تہاڑ جیل میں قید اور پروسٹیٹ کینسر میں مبتلا ہیں اور انہیں فوری سرجری کی ضرورت ہے۔ انہوں نے افسوس ظاہر کیا کہ بھارتی عدالتوں نے علاج معالجے کے دوران شبیر شاہ کے اہلخانہ کو ان کے ساتھ رہنے سے روک دیا ہے۔ انہوں نے بھارتی سیکرٹری داخلہ سے اس معاملے پر انسانی ہمدردی کی بنیاد پر غور کرنے کی اپیل کی۔ ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی کے سربراہ شبیر شاہ ایک جھوٹے مقدمے میں 2017 سے مسلسل قید ہیں۔ مودی حکومت نے انکی جماعت ڈی ایف پی پر بھی غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے کالے قانون یو اے پی اے کے تحت پابندی عائد کر دی ہے۔

بقیہ 13

ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ بعض ٹھیکیدار کم ریٹ پر متعدد منصوبہ جات جن میں سڑکات کی تعمیر و پختگی کے ٹھیکے حاصل کر لیتے ہیں لیکن تعمیراتی کام بروقت اور معیاری نہ ہونے اور سڑکات کی عدم پختگی کے باعث عوام علاقہ کو دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ فنڈز بھی ضائع ہو جاتے ہیں کیونکہ ایک ٹھیکیدار متعدد منصوبہ جات پر تعمیراتی کام نہ کر سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ حلقہ میں رابطہ سڑکات کی تعمیرات کے لئے وہی ٹھیکیدار ٹھیکہ حاصل کرے جو بروقت اور معیاری کام کرے۔ بصورت دیگر عوام علاقہ شدید احتجاج پر مجبور ہوں گے۔ بعض ٹھیکیدار جان بوجھ کر سڑکات کی تعمیر میں تاخیر کرتے ہیں جو قابل مذمت اقدام ہے۔ ان رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹھیکیداروں کے اگر بقایا جات ہیں تو ان کی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے۔ اس وقت سڑکات کی تعمیر کے لئے موسم سازگار ہے لیکن جان بوجھ کر تعمیراتی کام میں تعطل تشویش کا باعث ہے۔

بقیہ 14

اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف بلوچستان کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، بلوچستان میں چار دانش سکول تعمیر کیے جائیں گے ایک سکول پر تین ارب روپے لاگت آتی ہے حکومت بلوچستان کو بھی اس پر آن بورڈ لیا گیا، اسی طرح پی ڈی ایل کا جب فیصلہ ہوا تو وزیراعظم نے کہا کہ پیسے پورے ملک سے اکٹھا ہوتا ہے میں بلوچستان کو یہ سہولت دینا چاہتا ہوں خونی سڑک کا معاملہ یہاں پر کئی دفعہ اٹھایا گیا وہ ساری کی ساری رقم اس کے لئے منتقل کر دی گئی اور کوئٹہ، چمن کراچی شاہراہ کو بہتر بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہمارے دل کے بہت قریب ہیں وہاں کے مسائل بہت گمبھیر ہیں ہماری نیت پر شک نہ کیا جائے وفاقی حکومت جو کچھ بھی کر سکتی ہے کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت نے قانون منظور کر رکھا ہے 18 سال سے کم عمر کی شادی پر پابندی ہے ہندو بچیوں کے اغوا کا جو واقعہ پیش آیا اس حوالے سے وزارت انسانی حقوق صوبائی حکومت کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اس واقعہ کی مکمل چھان بین ہو گی۔ وفاقی حکومت اور وزارت داخلہ اس حوالے سے صوبائی حکومت سے مکمل تعاون کرے گی

بقیہ 15

ہے کہ سکمڈ دودھ پاؤڈر (SMP) کو مختلف ڈیری مصنوعات میں ملاوٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، جیسے تازہ دودھ میں SMP شامل کرنے سے اس کے ٹھوس مواد کو بڑھایا جاتا ہے، اس طرح منافع کے مارجن میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایس ایم پی کے ساتھ ملاوٹ دودھ مصنوعات کے غذائی مواد، ذائقہ اور معیار کو متاثر کر سکتی ہے۔ جو انسانی صحت کیلئے نقصان دہ ہے۔ مضر صحت دودھ فروخت کرنے پر تین دکانیں سیل کرتے ہوئے بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ متعدد کو فوڈ بزنس آپریٹرز کو اصلاحی نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر ابرار احمد میر نے کہا کہ فوڈ اتھارٹی مظفرآباد عوام کو معیاری خوراک، مشروبات کی فراہمی یقینی بنانے میں مصروف عمل ہے۔ سفید دودھ کے نام پر زہر فروخت کرنے والوں کیخلاف ٹیم فوڈ اتھارٹی مظفرآباد کی کارروائیاں تسلسل سے جاری ہیں۔ انسانی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے والوں کیخلاف فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2017ء اور فوڈ پیور ریگولیشن ایکٹ 2019ء کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے لیے کریک ڈاؤن کا دائرہ مزید وسیع کر دیا ہے۔

بقیہ 16

ہے۔ واضح رہے کہ چوہدری تنویر پر سابق ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری عدنان کے قتل کا الزام ہے۔

بقیہ 17

فاتحہ خوانی بھی کی، اس موقع پر ملک محمد نواز خان نے مجاہد اول سردار عبدالقیوم خان کو شاندار سیاسی، سماجی، قومی دلی خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا، ان کا کہنا تھا کہ مجاہد اول سردار عبدالقیوم خان ایک عظیم لیڈر اور کشمیری قوم کا قیمتی اثاثہ تھے، وہ اعلیٰ سیاسی بصیرت اور دوراندیشی کے لحاظ سے کوئی مثال نہیں رکھتے تھے، ریاست کی ترقی و خوشحالی، عوامی حقوق تحریک آزادی کشمیر اور جدوجہد تکمیل پاکستان کے لئے خدمات ناقابل فراموش ہیں، وہ ہمارے لئے ایک یونیورسٹی کا درجہ رکھتے ہیں، ان سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا، آپ کے تربیت یافتہ تمام سیاسی کارکنان بھی ایک مثال ہیں، آپ کی خدمات کو بھی کبھی فراموش نہیں کر سکتے ہیں، قبل ازیں سابق سینئر وزیر ملک محمد نواز خان نے رہنما مسلم لیگ ن آزاد کشمیر و سابق وزیر حکومت راجہ محمد یاسین خان کی والدہ محترمہ کی وفات پر ان کے آبائی علاقے جنگلوی باغ میں واقع رہائش گاہ پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور ان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا، بعدازاں ملک محمد نواز خان نے بنگوئیں راولاکوٹ پہنچے جہاں انہوں نے مسلم کانفرنس کے سینئر رہنما مسلم کانفرنس و سابق چیئرمین پارلیمانی بورڈ مسلم کانفرنس سردار منظور حسین چغتائی مرحوم کی رہائش گاہ پر جا کر تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور جملہ لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کیا، اس موقع پر ملک محمد نواز خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا

بقیہ 18

ایک پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم 4ماہ سے ان مسائل کو سکول کے اندر ہی حل کرنے کی کوششوں میں ناکام ہونے کے بعد صحافیوں اور عوام کے سامنے ان مسائل کو لے کر آنے پر مجبور ہوئے۔ قبل ازیں ہم نے ادارہ کی جانب سے اس اضافے کے خلاف سکول انتظامیہ کو اپنے تحفظات سے آگاہ کیا، امسال مارچ میں سیشن کے آغاز پر جب ہمارے بچے سکول میں گئے تو سکول والوں نے ایک چالان فارم بھیجا جس میں فیس میں بے تحاشہ اضافہ کیا گیا تھا۔ مختلف کلاسز میں الگ الگ ریشو سے 16 سے 48فیصد اضافہ کر دیا گیا۔ جب چند والدین نے سکول انتظامیہ سے اس مسئلہ پر بات کرنے کی کوشش کی تو ان کا جواب تھا کہ ہم فیس میں کمی نہیں کر سکتی، بعدازاں والدین دوبارہ ان کے پاس گئے کہ اپنے فیصلے پر نظرثانی کریں اور فیصلہ واپس لیں تو پرنسپل ادارہ نے کہا کہ ہمارے فیصلے ہیڈ آفس میں طے کئے جاتے ہیں، فنانس کمیٹی ہی بجٹ بناتی ہے اور یہ فیصلے لاگو کرتی ہے، ہم ان کے ساتھ بات کریں گے اور اگر ممکن ہوا تو فیصلہ واپس لیا جائے گا اور اگر ممکن نہ ہوا تو آپ کو آگاہ کر دیا جائے گا۔ بار بار رابطہ کرتے پر جب انہوں نے رابطہ کرنا مناسب نہیں سمجھا تو دوبارہ ہم ایک درجن کے قریب والدین ان کے پاس گئے اور اپنے خدشات سے دوبارہ آگاہ کیا تو انہوں نے دوبارہ پرانا موقف دہراتے ہوئے کہا کہ ہیڈ آفس سے فیس میں کمی نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے لہذا ان فیسوں میں کمی ممکن نہیں۔ مارچ میں ہی ہم نے ان سے یہ گزارش بھی کی کہ ہیڈ آفس کے ساتھ ہماری میٹنگ کا اہتمام کروائیں تاکہ ہم براہ راست انہیں اپنے تحفظات سے آگاہ کر سکیں۔ 4ماہ کا عرصہ گزرنے کے باوجود بھی ہماری کسی میٹنگ کا اہتمام نہیں کروایا گیا بلکہ بار بار دھمکی آمیز پیغامات ادارے کی جانب سے ارسال کیے جاتے رہے۔ مئی کے اختتام پر سکول کی جانب سے پیغامات موصول ہوئے کہ 26 مئی تک جن والدین نے فیس جمع نہ کروائی ہم ان کے بچوں کو ادارہ سے خارج کر دیں گے۔ ان پیغامات کے بعد ہم نے ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر (مردانہ) تک رسائی حاصل کی اور انہیں ان معاملات بارے آگاہ کیا۔ انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ سکول انتظامیہ کو پابند کیا جائے گا کہ جب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا بچوں کے ساتھ کوئی چھیڑ چھاڑ نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر پونچھ سے بھی ملاقات کی انہیں بھی ان مسائل سے آگاہ کیا جس کے نتیجہ میں 26 مئی کو تو سکول والوں نے بچوں کو نہیں نکالا لیکن 29 مئی کو سکول کی جانب سے ایک اور پیغام موصول ہوا کہ 2 دن کے اندر فیس جمع نہ کروانے والے بچوں کو کلاس میں نہیں بیٹھنے دیں گے۔ پھر جب بچے سکول گئے تو انہوں نے مختلف والدین کو کالز کرنا شروع کر دیں کہ ہم نے آپ کے بچوں کو کلاسز سے باہر نکالا ہوا ہے آپ سکول میں آئیں۔ ہم جب سکول میں گئے تو ہم نے پرنسپل سے پوچھنے کی کوشش کی تو انہوں کا رویہ انتہائی نامناسب تھا اور ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ میں آپ کو جواب دینے کی پابند نہیں ہوں آپ میرے دفتر سے باہر چلے جائیں۔ اس عمل کے بعد جب سوشل میڈیا کے ذریعے ڈپٹی کمشنر پونچھ تک بات پہنچی تو انہیں مداخلت کرنا پڑی اور ہم بھی ان کے پاس تشریف لے گئے اور انہیں سکول کے رویے بارے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کے رابطے کے بعد سکول والوں نے ہیڈ آفس اطلاع دی کہ اب رابطہ کرنا ضروری ہو چکا ہے لہذا مہربانی کر کے رابطہ کریں۔ سکول والوں نے ہمیں جو پیغامات بھیجے ان میں بھی یہ لکھا ہوا تھا کہ ڈپٹی کمشنر کی ہدایات کی روشنی میں ہم 14 جون کو میٹنگ کرنے کیلئے تیار ہیں۔ مقررین نے ان پیغامات پر بھی سکول انتظامیہ کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ جن والدین کے بچے اس سکول میں زیر تعلیم ہیں ان کے مطالبے پر نہیں بلکہ ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر میٹنگ رکھنے کے پیغامات بھیجے گئے۔ انہوں نے کہا کہ میٹنگ سے پہلے سکول والوں کی جانب سے ایک اور پیغام بھیج دیا گیا جس میں اخراجات سمیت دیگر وجوہات بتاتے ہوئے فیس میں کمی نہ کرنے کے حوالے سے بھی آگاہ کر دیا گیا۔ میٹنگ کے اہتمام سے پہلے ہی فیصلہ سنائے جانے کے باوجود ہم میٹنگ کیلئے اس غرض سے گئے کہ کہیں یہ تاثر نہ جائے کہ ہم ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کر رہے ہیں یا پھر ہماری انا کا کوئی مسئلہ ہے۔ ہم 75 لوگ سکول میں گئے جن کے ساتھ 4 گھنٹے طویل مذاکرات کے بعد سکول کا فیصلہ یہی تھا کہ جو لوگ فیس ادا نہیں کر سکتے وہ سکول چھوڑ دیں اور جو حقدار ہیں ان کیلئے گنجائش موجود ہے اور وہ ہمیں انفرادی طور پر درخواست دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 4 ماہ انتظار کیا کہ شاید مسئلہ کا حل نکل جائے لیکن سکول والوں کے رویے نے ہمیں مجبور کر دیا اور آج پی ٹی ایم میں یہ فیصلہ سنا دیا گیا کہ جن لوگوں نے فیس ادا نہیں کی وہ پی ٹی ایم میں نہیں آ سکتے جس کے بعد ہم دوبارہ ڈپٹی کمشنر کے پاس گئے اور انہیں آگاہ کیا جنہوں نے پہلے ہی سکول کو ایک ڈائریکشن دی تھی اور محدود چالان سے زائد فیس میں اضافے سے روکا گیا تھا جس پر سکول نے عملدرآمد نہیں کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے بھی واضح کہہ دیا کہ یہ ہماری ڈومین میں نہیں آتا اور ہم کچھ نہیں کر سکتے، انہوں نے کہا کہ تعلیم کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے لیکن یہ بچوں کے ساتھ ذہنی اور تعلیمی استحصال پر ہر طرف خاموشی ہے جو قابل مذمت ہے۔

بقیہ 19

کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں ورلڈ بینک کے نمائندوں نے شرکت کی، اجلاس میں جاری منصوبوں پر پیشرفت اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ورلڈ بینک کے حکومت پنجاب کے ساتھ مل کر 10 سالہ منصوبے پر کام کی رفتار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ پنجاب ہیلتھ سپورٹ پروگرام، پنجاب ٹورازم فار اکنامک گروتھ اور کیپیٹل پلاننگ پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ بھی لیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ غیر ملکی سرمایہ سے زیر عمل منصوبوں کی روزانہ مانیٹرنگ کرتی ہیں

بقیہ 20

رہی ہیں۔ ٹرمپ کی ایماء پر بھارت نے پاکستان کے خلاف کھلی جارحیت کی منہ کی کھائی۔ ٹرمپ فوراً کشمیر کا ثالث پراترا آیا اور جنگ بندی کی اپیل کی ۔ پاکستان چونکہ امن پسند قوم ہے اور جنگ بندی پر راضی ہو گیا کچھ ہی دیر بعد اپنے چہیتے اسرائیل کی طرف سے ایران پر حملہ کرا دیا۔ اب جبکہ اسرائیل کو مار پڑنی شروع ہوئی تو فیلڈ مارشل کو وائٹ ہاؤس میں مدعو کر دیا۔ صرف اس لئے کہ ایران کو جنگ بندی پر آمادہ کیا جائے یہ امریکہ کی چالیں ہیں اب اگلا ہدف اسرائیل اور بھارت کا پاکستان ہے یہاں پر پوری مسلم امہ اور بالخصوص پاکستان ترکی سعودی عرب مصر انڈونیشیا اور گلف کی تمام ریاستوں کو کھل کر ایران کی مالی اور اخلاقی سیاسی اور تجارتی حمایت کرنے کی ضرورت ہے مجھے لگتا ہے کہ اسرائیل کے وزیراعظم بھارت کے وزیراعظم اور امریکی صدر کے رویے دنیا کو عالمی جنگ کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ دنیا پہلے ہی مہنگائی کی لپیٹ میں ہے اور پاکستان میں تو معیشت میں ابھی تک کوئی بہتری کے آثار نظر نہیں آ رہے ہیں۔

بقیہ 21

35لاکھ سے زائد کشمیریوں نے آزاد کشمیر، پاکستان، برطانیہ اور دیگر ممالک میں پناہ لی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں مسلم اکثریت کو جبری بے دخلی اور بھارتی حکومت کے نئے ڈومیسائل قانون کی وجہ سے اقلیت میں تبدیل کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد مقبوضہ علاقے میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنا اور اسے ایک ہندو ریاست بنانا ہے۔ رپورٹ میں عالمی برادری پر زور دیا گیا ہے کہ وہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارت کے مذموم اور کشمیر دشمن منصوبوں کا نوٹس لے اور تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے اس پر دباؤ ڈالے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ تنازعہ کشمیر کو اپنی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کرانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ 22

کیا ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں غیر قانونی طور پر نظربند شبیر احمد شاہ پروسٹیٹ کینسر میں مبتلا ہیں اور انہیں فوری آپریشن کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں سے اپیل کی ہے کہ وہ انسانی بنیادوں پر انکی رہائی میں مدد کریں۔

بقیہ 23

جنرل سیکرٹری تیمل زرین، یوتھ ونگ کے رہنما صہیب کمال، فرحان خورشید و دیگر مسلم کانفرنسی کارکنان نے شرکت کی ۔ اس کے علاوہ صدر جماعت سردار عتیق احمد خان، ڈویژن پونچھ کے صدر سردار اظہر نذیر ضلع پونچھ کے صدر سید اظہر علی شاہ نے بھی اپنے ایک پیغام میں قاضی عبدالواحد کی وفات پر اظہار افسوس کیا اور دیگر پسماندگان سے اظہار تعزیت اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی۔ نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں علی سوجل میں ادا کی گئی۔ مرحوم ساری زندگی مسلم کانفرنس کے ساتھ وابستہ رہے اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں رہے۔ ان کی نماز جنازہ میں سیاسی وسماجی شخصیات، وکلاء، صحافیوں، ڈاکٹرز اور عوام علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 24

امریکی مداخلت کی دھمکیوں کے خلاف بھی نعرے بازی کی۔ ایران کے سرکاری ٹی وی کی فوٹیج میں دکھایا گیا کہ تہران میں مظاہرین نے ان کمانڈروں کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں جو 13 جون کو اسرائیلی حملے میں شہید ہو گئے تھے جب کہ کچھ افراد نے ایران، فلسطین اور حزب اللہ کے پرچم اٹھا رکھے تھے۔ مظاہرین کے ایک بینر پر لکھا تھا: میں اپنے رہنما پر اپنی جان قربان کر دوں گا"، جو رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کے لیے حمایت کا اظہار تھا۔ سرکاری ٹیلی ویژن کے مطابق، شمال مغربی ایران کے شہر تبریز اور جنوبی شہر شیراز میں بھی مظاہرے کیے گئے۔ عالمی میڈیا کے مطابق ایران نے ایک بار پھر اسرائیل کے جنوبی شہر بیرشیبہ پر جدید میزائلوں کی بارش کر دی، جس سے علاقے میں شدید مالی نقصان ہوا، کئی گاڑیاں جل گئیں، اور مائیکروسافٹ آفس کے قریب بڑے پیمانے پر آگ بھڑک اٹھی۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق یہ حملہ جمعہ کی صبح کیا گیا۔ ایرانی میزائل ایک رہائشی علاقے میں گرا جس کے باعث قریبی عمارتیں ملبے کا ڈھیر بن گئیں، گاڑیوں اور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا۔ اگرچہ کوئی جانی نقصان رپورٹ نہیں ہوا، لیکن مالی نقصان کافی زیادہ ہے۔ ایمرجنسی سروس میگن ڈیوڈ ایڈم نے کہا کہ حملے کے فوری بعد فائر فائٹرز اور ریسکیو ٹیمیں متاثرہ مقام پر پہنچ گئیں اور آگ بجھانے کا کام شروع کر دیا گیا۔ حملے کے ایک روز قبل بھی ایران کا ایک میزائل بیرشیبہ کے سوروکا ہسپتال سے ٹکرایا تھا جس میں 70 سے زائد افراد زخمی ہوئے تھے۔ اسرائیلی فوج نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے انٹرسیپٹر دفاعی نظام میں ممکنہ خرابی ایرانی میزائل روکنے میں ناکامی کا باعث بنی۔ ادھر ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے کہا ہے کہ ایرانی میزائلوں نے دنیا کے باوقار لوگوں کو خوش کر دیا۔ ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) اکاؤنٹ پر جاری کردہ ایک ویڈیو میں اسرائیلی فضائی حملوں اور غزہ میں کیے گئے مظالم کے مناظر دکھائے گئے، جس کے بعد ایران کی جانب سے اسرائیل پر داغے گئے میزائلوں کی تباہ کاریوں اور ان پر لوگوں کے جشن منانے کی فوٹیج شامل کی گئی۔ ویڈیو میں دکھایا گیا کہ کس طرح دنیا بھر میں لوگوں نے ایران کے ان حملوں کو سراہا، جو اسرائیل کے خلاف ردعمل کے طور پر کیے گئے۔ ویڈیو کے کیپشن میں لکھا ہے کہ وہ میزائل جو دنیا کے باوقار انسانوں کے لیے خوشی کا باعث بنے۔

بقیہ 25

فروغ کا عہد کریں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی تنازعات کو اقوام متحدہ کے چارٹر میں درج بین الاقوامی قوانین کے مطابق بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے روکنا اور حل کرنا چاہیے۔ پاکستان نے قلیل بین الاقوامی حمایت کے باوجود افغانستان میں عدم استحکام کے مختلف مراحل کے دوران تنازعات سے بچنے کیلئے لاکھوں افغان بھائیوں کی میزبانی کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اس سال پناہ گزینوں کا عالمی دن دنیا بھر میں بڑھتے ہوئے چیلنجز کے پس منظر میں منایا جا رہا ہے جو لاکھوں افراد کو جبری بے گھر ہونے پر مجبور کر رہے ہیں۔

بقیہ 26

نے اجلاس کے ابتدائی مرحلے میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، اپنے افتتاحی کلمات میں سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ نے اجلاس کے انعقاد پر چین کا شکریہ ادا کیا اور تینوں ممالک کی عوامی ترقی پر مبنی مشترکہ خواہشات کو سراہا۔ انہوں نے جنوبی ایشیا اور چین کے درمیان مزید قریبی روابط کے لیے پاکستان کی دلچسپی کا اظہار کیا اور دوطرفہ تعلقات میں بہتری پر اطمینان ظاہر کرتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، ڈیجیٹل معیشت، ماحولیاتی تحفظ، سمندری سائنس، سبز انفراسٹرکچر، ثقافت، تعلیم اور عوامی روابط جیسے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی خواہش ظاہر کی۔

بقیہ 27

کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ نادہندگان کیخلاف آپریشن شروع کر دیے گئے ہیں اس سلسلے میں دس کمپنیوں کی سیکڑوں کارروائیاں عمل میں لائی گئی ہیں جبکہ متعدد مقامات پر غیر قانونی طور پر بجلی استعمال کرنے والوں کی سروس تاروں کی منقطعی عمل میں لائی گئی ہے۔ محکمہ برقیات کی طرف سے کارروائیوں پر نادہندگان سمیت بجلی مافیا کی چیخیں نکل گئی ہیں۔ محکمہ کے اعلیٰ حکام کے مطابق کسی سے نرمی نہیں برتی جائے گی اور محکمانہ مفاد کے لئے بلاتفریق یہ کارروائیاں جاری رہیں گی، صارفین اپنے بل اور بقایا جات فوراً جمع کروائیں تاکہ کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 28

ہم کی وزرائے خارجہ کونسل کے 51ویں اجلاس اور اسلامی تعاون یوتھ فورم ایوارڈ کی تقریب میں شرکت کے لیے جمعہ کو استنبول پہنچ گئے جہاں ترکیہ کے صدر رجب طیب اردگان کو اعزاز سے نوازا جائے گا۔ جمعہ کو دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ کی آمد پر ترکیہ میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر یوسف جنید، قونصل جنرل نعمان اسلم اور ترکی کی وزارت خارجہ کے حکام نے ان کا استقبال کیا

بقیہ 29

لوا اپنے وزیر اعتبار نہیں کیا گیا کیا اپوزیشن نشستوں والے اسمبلی کا گھیراؤ کریں گے یہ حکومت ریاست کی رٹ اور حیثیت کمزور کر رہی ہے یہ صورتحال رہی تو اس نظام کی ضرورت اور افادیت باقی نہیں رہے گی عوام نے ووٹ اسی لیے دیے ہیں کہ اسمبلی میں بات کی جائے، وقفہ سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کسی پر اعتبار کرنے کو تیار نہیں افسوس اس بات کا ہے کہ تمام جمہوری روایات کے علمبردار لوگوں اور جماعتوں نے اس معاملے پر مجرمانہ خاموشی اختیار کیے رکھی اگر منتخب ایوان عوامی مسائل اور دیگر امور پر سیر حاصل بات چیت نہیں کرے گا تو پھر معاملات چوکوں چوراہوں میں جائیں گے وزیراعظم کو کس کی مخالفت سے خطرہ تھا؟ میں خود بھی اعتراف کرتا ہوں کہ میں بھی انہیں وزیراعظم بنانے کے جرم میں شامل تھا اس کا افسوس ہے اور تاعمر رہے گا، ان کے دور میں یہ تیسرا بجٹ ہے جو بغیر کسی بحث کے منظور ہو رہا ہے یہاں کسی نے دھمکی دینے والوں کی مذمت تک نہیں کی کب تک ڈر ڈر کر حکومت کرتے رہیں گے اور اپنے اختیارات سرینڈر کرتے رہیں گے؟ مجھے افسوس ہے کہ ایوان میں سے بھی کسی نے کھل کر بات نہیں کی کوئی اور بولے یا نا بولے میں اپنی بات ہر صورت کروں گا۔ یہاں میڈیا کے ساتھ بات چیت کے دوران سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر کے عبوری آئین ایکٹ 1974 کی سیکشن 38 کے تحت بجٹ قانون ساز اسمبلی میں پیش کیا جاتا ہے جو پہلے کابینہ میں اور بعد ازاں اسمبلی میں پیش کیا جاتا آئینی تقاضہ ہے، جس کے لیے قاعدہ 125 اور 126 میں طریقہ کار وضع شدہ ہے، قاعدہ 127، 128 اور 129 اور 131 کو استعمال کرتے ہوئے کٹوتی کی تحریکوں اور بحث کا موقع نہ دینا، بجٹ میزانیہ کی منظوری کے لیے مجلس میں کارروائی کرنا ناقابل فہم ہے، کسی کے ساتھ کوئی ذاتی بغض نہیں اور نہ ہی کسی کٹ حجتی کا قائل ہوں بجٹ پر بحث کیوں نہیں ہوئی یہ ان کا اپنی کابینہ اور اراکین اسمبلی پر عدم اعتماد ہے

بقیہ 30

علاقائی اور عالمی مسائل سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے علاقائی امن واستحکام کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کو اجاگر کیا، فیلڈ مارشل نے معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص کی تفصیلات اور تجزیے پر روشنی ڈالی۔ فیلڈ مارشل نے دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کا موقف بیان کیا، اور علاقائی عناصر کے ہائبرڈ وار فیئر کے تحت دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والے منفی کردار کا ذکر کیا، ملاقات میں پاکستان اور امریکا کے دیرینہ تعلقات کا جائزہ بھی شامل تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مشترکہ اسٹریٹجک مفادات اور اقتصادی تعاون پر مبنی وسیع تعلقات پر زور دیا، علاقائی اور عالمی تنازعات کے حوالے سے پاکستانی نقطہ نظر کی بھی وضاحت کی۔ فیلڈ مارشل نے دونوں ممالک کے درمیان انسداد دہشت گردی، علاقائی سلامتی اور اقتصادی ترقی جیسے شعبوں میں تعاون پر زور دیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان عالمی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صف اول پر رہا ہے، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں، پاکستان علاقائی کشیدگی کو کم کرنے اور تعاون پر مبنی سیکیورٹی فریم ورک کے فروغ میں ذمہ دارانہ اور فعال کردار ادا کرتا رہے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل نے پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، معدنیات و قدرتی وسائل سمیت بے شمار مواقعوں پر روشنی ڈالی، سید عاصم منیر نے مشترکہ خوشحالی کیلئے عالمی شراکت داروں کو ان شعبوں میں تعاون کی دعوت دی۔ شرکا نے فیلڈ مارشل کے موقف کی کھلے دل سے وضاحت کو سراہا اور پاکستان کی اصولی و مستقل پالیسیوں کی تعریف کی۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق یہ ملاقات پاکستان کے شفاف سفارتکاری، بین الاقوامی روابط اور اصولوں پر مبنی پرامن بقائے باہمی کی پالیسی کی عکاس تھی۔

بقیہ 31

تعینات ہوئے، موجودہ وقت ان کا تبادلہ محکمہ تعلیم سیکرٹریٹ میں بطور ایڈیشنل سیکرٹری کیا گیا تھا۔ ڈاکٹر عمر اعظم ایم بی بی ایس ڈاکٹر ہونے کے ساتھ ساتھ حافظ قرآن بھی ہیں، انہوں نے پبلک ہیلتھ میں بھی اعلیٰ تعلیم حاصل کر رکھی ہے۔ مقابلے کے جس امتحان میں وہ پہلے نمبر پر آئے اس میں پاکستان کے چاروں صوبوں سے امیدوار شریک تھے، ان کی اس کامیابی پر اہلیان پونچھ نے انہیں مبارکباد پیش کی اور اس توقع کا اظہار کیا کہ وہ پہلے سے بہتر انداز میں عوامی خدمات جاری رکھیں گے۔

بقیہ 32

دعووں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے پہلگام واقعے میں بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر الزامات عائد کیے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے واقعے کی آزاد اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے مطالبے کو مسترد اور تحمل دکھانے کی بین الاقوامی اپیلوں کو نظرانداز کیا۔ یہ بات چیت اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے جاری اجلاس کا حصہ تھی۔ طیب احمد نے کہا کہ اس سے پہلے کہ اس کی اپنی تفتیشی ایجنسیاں شواہد کے لیے عوامی اپیل جاری کرتیں، بھارت نے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام پر ظلم وستم مزید تیز کر دیا۔ اس سے بھی بدتر یہ کہ بھارت نے پاکستان میں شہریوں، رہائشی علاقوں اور عبادت گاہوں پر جان بوجھ کر اور بلاجواز فوجی حملے کیے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی معاہدہ برائے شہری وسیاسی حقوق) آئی سی سی پی آر (اور بین الاقوامی معاہدہ برائے معاشی، سماجی وثقافتی حقوق) آئی سی ای ایس سی آر (کے مشترکہ آرٹیکل 1 کے تحت خود ارادیت کے حق پر بھارت کے تحفظات اس) کشمیریوں کے (بنیادی حقوق سے انکار کا ایک بہانہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مقبوضہ کشمیر سمیت دیگر علاقوں پر بھارتی قبضے اور نئی دہلی کے ان علاقوں میں ظلم وستم کے خلاف بڑی تعداد میں تحریکیں اٹھ رہی ہیں، لیکن بھارت جغرافیائی سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے دہشت گردی کو بڑھاوا دینے کے راستے پر گامزن ہے۔ طیب احمد نے کہا کہ جموں وکشمیر کا تنازع جنوبی ایشیا میں دیرپا امن اور خوشحالی کی ضمانت ہے، اس کا حل مستقبل میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوگا۔ پاکستان کے نمائندے نے مزید کہا کہ جموں وکشمیر کا خطہ کبھی بھارت کا نام نہاد اٹوٹ انگ تھا نہ ہے اور نہ ہی کبھی ہوگا، یہ ایک بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع علاقہ ہے جب تک کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق خودارادیت کے اپنے ناقابل تنسیخ حق کا استعمال نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، اپنی مغربی سرحدوں پر دہشت گردی کے خطرے کے حوالے سے بھارت سے بات چیت کے لیے تیار ہے اور بھارت کے برعکس، ہمارے پاس اس معاملے پر ٹھوس بات چیت کے لیے ثبوت موجود ہیں۔ طیب احمد کا کہنا تھا کہ پاکستان یا مسلمانوں پر الزامات عائد کرنے کے بجائے ہم بھارت پر زور دیتے ہیں کہ وہ ہندوتوا کی بالادستی کی اپنی حاکمانہ خواہش پر نظرثانی کرے، کشمیری عوام کے حق خودارادیت کا احترام کرے اور اہم بات یہ کہ ایک عام ملک کی طرح اپنے اور اپنے پڑوسیوں کے ساتھ امن کے ساتھ رہنے کا راستہ اپنائے

بقیہ 33

تقسیم اور عدم استحکام دیکھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا بڑھتی ہوئی عدم تحفظ، گہری ہوتی ہوئی عدم مساوات اور پائیدار ترقیاتی اہداف (SDGs) کے حصول میں رکاوٹوں کا سامنا کر رہی ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ان چیلنجز کا بوجھ عالمی جنوب پر غیر متناسب طور پر پڑ رہا ہے، اور بڑھتا ہوا قرض، موسمیاتی دباؤ، بھوک اور محرومی دنیا کے کئی حصوں میں عدم استحکام کو ہوا دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ سلامتی کونسل طویل عرصے سے امن اور ترقی کے باہمی تعلق کو تسلیم کرتی آئی ہے، تاہم ضروری ہے کہ یہ فہم اس کے کام میں مزید مؤثر انداز میں شامل کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تنازعات کی بنیادی وجوہات جیسے غیر ملکی قبضہ، امتیازی سلوک، اور حق خودارادیت کی نفی کا حل بین الاقوامی قانون کے مستقل اور اصولی اطلاق کے ذریعے کیا جائے۔ تنازعات کی روک تھام کے لیے سفارت کاری اور فوری حل سے ہٹ کر جامع نظامی طریقہ کار اپنایا جائے۔ امن قائم رکھنے کی کوششوں میں ترقیاتی عوامل کو شامل کیا جائے اور ECOSOC، امن بلڈنگ کمیشن، اور اقوام متحدہ کی ترقیاتی ایجنسیوں کے ساتھ قریبی تعاون کیا جائے۔ جوابی حکمت عملیاں مقامی حالات کے مطابق ترتیب دی جائیں، اور قومی حکومتوں کی غربت و پسماندگی کے خلاف کوششوں کی حمایت کی جائے۔ علاقائی تنظیموں جیسے افریقی یونین، یورپی یونین، اسلامی تعاون تنظیم، اور آسیان کے ساتھ ادارہ جاتی شراکت داری کو فروغ دیا جائے تاکہ مؤثر طور پر تنازعات کا حل ممکن ہو۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ ہم دیرپا امن کی بات نہیں کر سکتے جب تک ترقی کو نقصان پہنچانے والے ساختی حالات کا ازالہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو غیر منصفانہ عالمی معاشی ڈھانچوں نے پیچھے رکھا ہوا ہے، جو انہیں ناقابل برداشت قرض، بھوک، اور بگڑتے ہوئے موسمیاتی جھٹکوں کا سامنا کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ ان کے پاس وسائل اور دولت موجود ہیں، ترقی پذیر ممالک اکثر ان وسائل کی لوٹ مار کا نشانہ بنتے ہیں، جس سے ترقی یافتہ دنیا کو فائدہ پہنچتا ہے۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا: "بہت سے ممالک غیر منصفانہ اور غیر مساوی عالمی نظاموں میں پھنسے ہوئے ہیں جو غربت اور پسماندگی کو برقرار رکھتے ہیں

بقیہ 34

چانسلر فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر صائمہ حمید، سابق سیکرٹری منظور حسین چوہدری، چوہدری محمد محبوب ایڈووکیٹ، محمد حنیف ایڈووکیٹ، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن چوہدری محمد طیب، نمائندہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان طارق اقبال اور دیگر سینٹ ممبران نے شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف کوٹلی پروفیسر ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور سینٹ ممبران کو جامعہ کوٹلی میں تعلیمی سرگرمیوں اور جاری پروجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی۔ صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے وائس چانسلر یونیورسٹی آف کوٹلی پروفیسر ڈاکٹر ذکریا ذاکر کو ہدایت کی کہ جامعہ کوٹلی کے معاملات کو یکسو کیا جائے تاکہ وہاں پر تدریسی سرگرمیاں بتدریج پروان چڑھ سکیں اور اس میں بہتری آ سکے۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے سینٹ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لئے تمام تر وسائل اور توانائیاں بروئے کار لائی جائیں گی اس سلسلے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں رکھی جائے گی۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر جامعات بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ میں جامعہ کوٹلی کو آکسفورڈ، ہارورڈ یونیورسٹی اور دنیا کی دوسری بہترین یونیورسٹیز کی فہرست میں دیکھنا چاہتا ہوں۔ صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر جامعات بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے وائس چانسلر جامعہ کوٹلی پروفیسر ڈاکٹر ذکریا ذاکر کو ہدایت کی کہ یونیورسٹی میں معیار تعلیم کی بہتری کے لئے ہر ممکن کوششیں کی جائیں اور یونیورسٹی کے جاری ترقیاتی منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے

بقیہ 35

کے مطابق جملہ سرکاری اور پرائیویٹ سرمائی تعلیمی ادارے 21 سے 30 جون تک بند رہیں گے۔

بقیہ 36

طیارے بناتی ہے۔ امریکی حکام نے کہا کہ خطے میں جاری کشیدگی کے پیش نظر اڈے تک رسائی محدود کر دی، جون کو العدید میں کے رن وے پر 40 طیارے کھڑے تھے۔ 19جون کو لی گئی سیٹلائٹ تصویر میں صرف 3 طیارے دکھائی دیے، خیال رہے کہ ایران نے خطے میں امریکی اڈوں پر حملوں کی دھمکی دی تھی۔

بقیہ 37

جسٹس آزاد جموں وکشمیر کے علاوہ چیف جسٹس ہائی کورٹ جسٹس سردار لیاقت حسین، (ممبر) شیخ مسعود اقبال ایڈووکیٹ جنرل، (ممبر) محمد سجاد سیکرٹری قانون و انصاف و پارلیمانی امور (ممبر) امیر اللہ خان مغل (ممبر) لاء کمیشن نے شرکت کی۔ اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کے آغاز پر چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے تلاوت کلام پاک کے ساتھ ساتھ افتتاحی خطاب میں سب سے پہلے چیف جسٹس ہائی کورٹ اور دیگر معزز اراکین کو کمیشن کے چوتھے اجلاس میں خوش آمدید کہا۔ انہوں نے چیف جسٹس عدالت عالیہ کو منصب جلیلہ پر فائز ہونے کے بعد کمیشن کے چوتھے اجلاس میں شرکت کرنے پر مبارکباد دی۔ چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر نے اس موقع پر کہا کہ عدالتی پالیسی ساز کمیٹی اور لاء کمیشن کو فعال رکھنا نظام عدل وانصاف میں بہتری کے لئے لازمی تقاضا ہے۔ گزشتہ کچھ عرصہ سے بوجوہ لاء کمیشن کے اجلاس منعقد نہیں ہو سکے۔ اس فورم کا بنیادی مقصد قوانین کو موجودہ حالات کے مطابق ڈھالنے کے ساتھ ساتھ جدید تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہے۔ چیئرمین لاء کمیشن نے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ فراہمی انصاف کے لئے جس قدر ممکن ہو اپنی آئینی ذمہ داریوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مستقبل کے لئے ایک لائن آف ڈائریکشن پر کام کریں۔ موجودہ قوانین میں پائے جانے والے سقم دور کرتے ہوئے نظام قانون اور عدل و انصاف میں بہتری لانے کے لئے لاء کمیشن کا بنیادی کردار ہے۔ اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے ایجنڈا آئٹم نمبر 1 کو زیر غور لایا گیا جس میں آزاد جموں وکشمیر میں ایم ڈی اے اپیلیٹ ٹریبونل اور ماحولیاتی ٹریبونل کا معاملہ زیر غور لایا گیا۔ ایڈووکیٹ جنرل آزاد جموں وکشمیر نے اجلاس کو بتایا کہ ایم ڈی اے اپیلیٹ ٹریبونل کے پاس ایک بھی مقدمہ زیر کار نہیں ہے جب کہ اس ٹریبونل کا سربراہ ایک ڈسٹرکٹ جج کو تعینات کیا گیا ہے۔ اسی طرح ماحولیاتی ٹریبونل کے پاس بھی 2 درجن کے لگ بھگ مقدمات زیر کار ہیں اور اس ٹریبونل میں بھی ایک ڈسٹرکٹ جج کو تعینات کیا گیا ہے۔ پیش کردہ تفصیل روشنی میں غور وخوض کے بعد کمیشن نے متفقہ طور پر قرار دیا کہ آزاد جموں وکشمیر میں اس وقت ڈرگ کورٹ اور بینکنگ ٹریبونل کا قیام ناگزیر ہے۔ اتفاق رائے سے قرار دیا گیا کہ قانون میں مناسب ترامیم عمل میں لاتے ہوئے ایم ڈی اے اپیلیٹ ٹریبونل اور ماحولیاتی ٹریبونل کو ختم کیا جائے اور ان کی جگہ ڈرگ کورٹ اور بینکنگ ٹریبونل کا قیام عمل میں لایا جائے اس طرح نئی عدالتوں کے قیام کے لئے کثیر مالی سرمایہ کی بچت بھی ہو گی۔ کمیشن کی متفقہ رائے کی روشنی میں چیئرمین لاء کمیشن نے امیر اللہ خان مغل ممبر لاء کمیشن کو ہدایت کی کہ اس سلسلہ میں ایک مجوزہ ترمیمی مسودہ مرتب کر کے سیکرٹری قانون کو ارسال کیا جائے تاکہ وہ حکومتی متعلقہ حکام سے یہ معاملہ اٹھائیں اور اس سلسلہ میں جلد از جلد اقدامات اٹھاتے ہوئے حکومتی منظوری حاصل کی جائے اور تعمیلی رپورٹ پیش کی جائے۔ یہ بھی اتفاق رائے سے طے پایا کہ ایم ڈی اے اپیلیٹ ٹریبونل اور ماحولیاتی ٹریبونل سے متعلقہ جو بھی مقدمہ دائر ہوتا ہے یا زیر کار ہے تو ایسے مقدمات متعلقہ ڈسٹرکٹ جج صاحبان کو تفویض کئے جائیں۔ لاء کمیشن کے اجلاس میں لائرز پروٹیکشن ایکٹ کے نفاذ کا معاملہ بھی زیر غور لایا گیا۔ آزاد جموں وکشمیر میں اس قانون کی ضرورت اور افادیت کے پیش نظر چیئرمین لاء کمیشن نے اس قانون کو فوری طور لاگو کرنے کی ضرورت پر زور دیا

بقیہ 38

۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بھارتی ریاست اتر پردیش کے علاقے شراوستی میں 65 سال پرانا تاریخی مدرسہ مسمار کر دیا گیا۔ مودی سرکار نے وقف بل کے ذریعے پہلے ہی مسلمانوں کی مقدس املاک پر قبضہ کرنے کی راہ ہموار کی ہے۔ مودی سرکار مدارس کی رجسٹریشن کے لیے شفاف نظام بنانے کی بجائے مذہبی مقامات کو گرا رہی ہے۔ مودی کی مسلم مخالف مہم بھارت میں اقلیتوں کے لیے سنگین خطرے کی علامت بن چکی ہے۔ ٹائمز آف انڈیا کے مطابق الہ آباد ہائیکورٹ نے یوپی حکام کو شراوستی میں مدارس کے خلاف کسی قسم کی کارروائی نہ کرنے کا حکم دیا

بقیہ 39

اپازیلہ میں جماعت اسلامی کی جانب سے منعقدہ ایک بڑے جلسے سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی بنگلہ دیش کے سیکرٹری جنرل اور سابق رکن پارلیمنٹ پروفیسر میاں غلام پرور نے کہا کہ اگر عوام کو آزادانہ طور پر ووٹ ڈالنے دیا جائے تو وہ ان امیدواروں کو منتخب کریں گے جو اسلامی اقتدار کے علمبردار ہیں۔ پروفیسر میاں غلام پرور نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اسلامی آئیڈیل ریاست کے قیام کے لیے متحد و متحرک رہیں۔ انہوں نے بنگلہ دیش کی سابق حکمران جماعت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا، عوامی لیگ نے علما کو دبا کر، جعلی مقدمات کے ذریعے قومی قیادت کو ختم کرنے کی کوشش کی، عوامی لیگ نے بنگلہ دیش کو ایک ناکام ریاست بنا دیا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ حکومت بیرونی ایجنڈے کے تحت اسلامی اسکالروں کو نشانہ بنا رہی ہے اور جمہوری اداروں کو تباہ کر چکی ہے۔ انہوں نے اگست تحریک کی روشنی میں اسلامی اقدار اور حقیقی جمہوریت کی بحالی کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

بقیہ 40

پائیداری، پالیسی تحقیق، علمی اشتراک اور ادارہ جاتی بہتری جیسے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔ یادداشت پر ایس ڈی پی آئی کے ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر (پالیسی) ڈاکٹر شفقت منیر احمد اور ایئر یونیورسٹی کے ڈائریکٹر آفس آف ریسرچ انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (ORIC) ایئر کموڈور (ر) فواد ظہیر نے دستخط کیے۔ اس موقع پر ایس ڈی پی آئی کے وفد میں معظم شریف بھٹی (ڈائریکٹر ایڈووکیسی و انگیجمنٹ)، عدنان نذیر (ایسوسی ایٹ ریسرچ فیلو) اور رومیلہ قمر (ایسوسی ایٹ مینیجنگ ایڈیٹر ریسرچ) بھی موجود تھے۔ ایئر یونیورسٹی کی نمائندگی ڈاکٹر سہان حسن خان (ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ سیل)، ڈاکٹر کنول اقبال (چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف ڈی ایم اے ای)، ڈاکٹر اسامہ قاضی (چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف جنرل اسٹڈیز)، لیفٹیننٹ کرنل (ر) عامر طور (ڈپٹی ڈائریکٹر QEC)، ماہین اشتیاق (اسسٹنٹ ڈائریکٹر QEC) اور حمزہ لیاز نے کی۔ تقریب کا آغاز ایئر یونیورسٹی کی تدریسی، تحقیقی اور فکری خدمات سے متعلق ایک مختصر دستاویزی فلم سے ہوا۔ ڈاکٹر سہان حسن خان نے ایئر یونیورسٹی کے تعلیمی معیار، تحقیق سے وابستگی، اور بامقصد شراکت داری کے عزم کو اجاگر کیا۔ ایس ڈی پی آئی کے نمائندے ڈاکٹر شفقت منیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ادارہ ایس ڈی پی آئی ایئر یونیورسٹی کے ساتھ اس اشتراک کو نہایت اہمیت دیتا ہے اور یہ شراکت پاکستان میں شواہد پر مبنی پالیسی سازی اور پائیدار ترقی کے فروغ میں اہم سنگ میل ثابت ہو سکتی ہے

بقیہ 41

پیش کیا گیا تھا۔ سول جج راولپنڈی احسن رضا نے پولیس کی مزید 7 روز کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کر دی۔ عدالت نے ملزم کو 4 جولائی کو دوبارہ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ واضح رہے کہ چوہدری تنویر پر سابق ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری عدنان کے قتل کا الزام ہے۔

بقیہ 42

راولاکوٹ میں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد کی سربراہی میں منعقد ہوئے۔ انٹرویوز کے بعد پونچھ میڈیکل کالج کے 69 گریجویٹس کو ہاؤس جاب کے لیے سلیکٹ کر لیا گیا ہے، جبکہ باقی خالی آسامیوں پر بھی جلد تحت ضابطہ مزید ہاؤس آفیسرز کو بھرتی کیے جانے کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بعد از سلیکشن پرنسپل پونچھ میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد خان نے تمام نوجوان ڈاکٹرز کو کیریئر کے آغاز پر مبارکباد دی اور انہیں عملی میدان میں پریکٹیشن اور اپنے خطاب کے ذریعے اس بات کی ہدایت کی کہ وہ بطور ڈاکٹر اپنی ذمہ داریوں کو تمام تر پیشہ ورانہ مہارت اور اخلاقی تقاضوں کے ساتھ نبھائیں۔ پرنسپل نے اپنے گریجویٹس پر زور دیا کہ وہ پوری دلچسپی اور دیانتداری سے مریضوں کو خدمت اور علاج کو اپنا شعار بنانے کا عزم لیکر ہاؤس جاب کے پہلے دن کا آغاز کریں اور اپنے کیریئر کے آخری دن تک نہ صرف اس عزم کو جوان رکھیں بلکہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو جلا بخشنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ اس موقع پر سابق ڈی ایچ او پونچھ ڈاکٹر منظور، ایڈیشنل ایم ایس شیخ زید ہسپتال راولاکوٹ ڈاکٹر نعمان، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر جہانگیر زیب، ڈاکٹر ممتاز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز وسیم اعظم خان نے بھی نئے ہاؤس آفیسرز کے ساتھ خطاب کرتے ہوئے انہیں ایم بی بی ایس کی کامیاب تکمیل اور ہاؤس جاب کی شروعات پر مبارکباد دی۔ تقریب میں وائس پرنسپل کالج ڈاکٹر سردار شبیر نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ جبکہ سربراہ شعبہ سرجری پروفیسر ڈاکٹر طارق مسعود، سربراہ شعبہ گائنی ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر مریم بتول، ڈاکٹر انجم بدر بھی تقریب میں شریک رہیں۔

بقیہ 43

گول کر کے فرانس کو شکست دے دی اور فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ واضح رہے کہ 18 جون کو پاکستان نیوزی لینڈ سے شکست کے باوجود بہتر گول اوسط کی بنیاد پر ملائیشیا میں کھیلے جانے والے نیشنز ہاکی کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا تھا۔ کھیلے گئے میچ میں نیوزی لینڈ نے پاکستان کو 3 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا تھا۔ نیوزی لینڈ سے شکست کے بعد پاکستان کی سیمی فائنل میں رسائی کا انحصار ملائیشیا اور جاپان کے درمیان میچ پر تھا۔ پاکستان کے لیے اہم میچ میں ملائیشیا نے جاپان کو 1-2 سے شکست دے دی جس کے بعد پاکستان بہتر گول اوسط کی بنیاد پر سیمی فائنل میں پہنچنے میں کامیاب ہو گیا تھا۔

بقیہ 44

نے تصدیق کی ہے کہ سپریم لیڈر کے مشیر علی شمخانی زندہ ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق علی شمخانی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ وہ زندہ ہیں اور ایران پر اپنی جان قربان کرنے کیلئے تیار ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق علی شمخانی اسرائیلی حملوں میں شدید زخمی ہوئے تھے لیکن اب ان کی صحت بہتر اور وہ خطرے سے باہر ہیں۔ ایران میں اسرائیلی حملوں سے اب تک اعلیٰ فوجی حکام، کمانڈروں، ایٹمی سائنسدانوں سمیت 250 سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں۔

بقیہ 45

کسی بھی وقت اسمبلی تحلیل کر سکتا ہوں، اگر ہم بجٹ پاس نہیں کرتے تو وفاق فنانشل ایمرجنسی کی بنیاد پر صوبے کا کنٹرول سنبھال سکتا ہے، وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا نے کہا کہ سازشوں کے ذریعے خیبرپختونخوا کی حکومت کو گرانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ 46

نہیں ہوئی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی سپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ کی زیر صدارت ہوا۔ بجٹ بحث میں حصہ لیتے ہوئے پی ٹی آئی رکن حافظ حامد رضا نے کہا کہ شام لیبیا عراق سب راستے اسرائیل کے لئے صاف کئے گئے اسرائیل ایران کے بعد پاکستان پر نظریں گاڑے ہوئے ہے، آج شام کا جولانی اسرائیل کو اپنا فضا دے رہا ہے آج دیکھ لیں کون ایران کے خلاف استعمال ہو رہا ہے، آج اسلامی ممالک کی زمینیں اور فضا ایران کے خلاف استعمال ہو رہا ہے جس پر وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ اور وزیر آئی ٹی شزہ خواجہ نے طعنہ دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کے خلاف بانی چیئرمین کا ٹویٹ دکھائیں

بقیہ 47

کے درمیان باہمی تفہیم کو مضبوط بنانا اور ہمسائیہ ممالک کے لیے مشترکہ مستقبل پر مبنی کمیونٹی کی تشکیل تھا۔ اس موقع پر مقررین نے آئرن برادرز کی پائیدار شراکت داری کو سراہا، اقوام متحدہ کے چارٹر پر مبنی کثیر الجہتی نظام کی حمایت کی اور صدر شی جن پنگ کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (بی آر آئی) کو امن، خوشحالی اور علاقائی روابط کے لیے ایک اہم محرک قرار دیا۔ یہ ڈائیلاگ پاکستان۔ چائنا انسٹیٹیوٹ اور چین کی کمیونسٹ پارٹی کے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ (آئی ڈی سی پی سی) کے اشتراک سے منعقد ہوا جس میں آئی ڈی سی پی سی کا پانچ رکنی اعلیٰ سطح کا وفد جس کی قیادت آئی ڈی سی پی سی کے ترجمان و چیف آف انفارمیشن سینٹر ہو ڈاونگ نے کی، نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ پی سی آئی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ڈائیلاگ کے منتظم مصطفیٰ حیدر سید نے ابتدائی کلمات میں پاکستان اور چین کے درمیان تاریخی سنگ روڈ دوستی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ تعلق کبھی بھی لین دین یا وقتی مفادات پر مبنی نہیں رہا بلکہ یہ مشترکہ تاریخ، باہمی اعتماد اور پورے خطے کی بہتری کے عزم پر مبنی ہے۔ انہوں نے اس ڈائیلاگ کو پی سی آئی کی اس وسیع تر کاوش کا حصہ قرار دیا جس کا مقصد ایشیا اور گلوبل ساؤتھ کی آوازوں کو خصوصی طور پر بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے میں اجاگر کرنا ہے

بقیہ 48

سے حل ہوا ہے، اللہ نے ن لیگ کی حکومت کو سرخرو کیا ہے، رہ جانے والے 65ہزار پرائیویٹ حاجیوں کے لئے پالیسی کا اعلان کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سال کے حج کے لئے ابھی سے کام شروع کر دیا گیا ہے، ان معاشی اور سیاسی حالات میں ایک متوازن بجٹ پیش کیا گیا ہے، کوشش کی گئی کہ عام آدمی کو ریلیف دیا جائے، بدقسمتی سے میرے صوبے میں 15 سال سے پی ٹی آئی کی حکومت ہے۔ ڈپٹی اسپیکر نے وفاقی وزیر مذہبی امور کا وقت ختم ہونے پر مائیک بند کرا دیا۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ میں احتجاج کرتا ہوں، میں عوام کی بات کر رہا ہوں مجھے مکمل کرنے دیا جائے جس پر سردار محمد یوسف کے کابینہ کے ساتھیوں نے وفاقی وزیر کی حمایت کی۔ عطا تارڑ نے کہا کہ سینئر آدمی ہیں انہیں بات مکمل کرنی دی جائے، جس پر ڈپٹی اسپیکر نے وفاقی وزیر مذہبی امور کو بات مکمل کرنے کی اجازت دے دی۔ سردار یوسف نے کہا کہ ملک میں انتظامی طور پر مزید صوبے بنائے جائیں اور سکی کناری ڈیم کے متاثرین کو معاوضہ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 49

رسک الاؤنس کی بحالی ناگزیر ہو چکی ہے۔ انہوں نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ صحت کے شعبے سے وابستہ عملے کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہیلتھ رسک الاؤنس کو فوری طور پر بحال کرے۔

بقیہ 50

اور فاتحہ خوانی کی بلندی درجات کی دعا کی۔۔۔۔ اس موقع پر کمشنر پونچھ مسعود الرحمان، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن پونچھ سردار ظہیر احمد، ایس ایس پی پونچھ راولاکوٹ محمد ریاض مغل بھی ان کے ہمراہ تھے انسپکٹر جنرل پولیس نے کہا کہ شہید طارق بشیر نے ایک عظیم مشن کی تکمیل کے لیے اپنی جان دی اور شہادت کا رتبہ حاصل کیا یقیناً یہ ان کے والدین کی بہترین تربیت کا ہی نتیجہ تھا جن لوگوں کے خلاف یہ مشن تھا وہ قانون شکنی میں ملوث تھے اور علاقہ میں بدامنی کا موجب بن رہے تھے ایک پولیس اہلکار کی شہادت میں ان کے ملوث ہونے کے بھی واضح ثبوت موجود ہیں۔ سوشل میڈیا پر اپنے شہدا کو خراج تحسین پیش کیا جائے ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کی جائے جو دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث تھے جن کے پاس جدید ترین کلاشنکوفیں گولیاں اور خود کش جیکٹس موجود تھی منڈی بہاؤالدین کے رہائشی الفت جس کو ایک سال پہلے مردہ ظاہر کیا گیا تھا وہ بھی خودکش جیکٹس کے ساتھ ان کے ہمراہ موجود تھا اور اسی نے خود کش جیکٹ سے خود کو اڑا لیا اتنے تمام ثبوت اس بات کو ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ یہ نوجوان زرنوش اور اس کے ساتھی کس قسم کی سرگرمیوں میں ملوث تھے اور افغانستان میں ڈاکٹر عبدالرؤف تک ان کے روابط تھے پولیس کے شہدا نے اپنی جان پر کھیل کر خطہ کشمیر کو بہت بڑی بدامنی سے بچا لیا ہمیں اپنے بہادر شہدا پر فخر ہے انہوں نے شہید کے بچوں اور بھائیوں سے ملاقات کی۔ جناب انسپکٹر جنرل پولیس اس کے بعد نعیم احمد مغل جو حادثہ میں شہید ہوئے کے گھر تشریف لائے اور ان کی فیملی سے تعزیت کی اور بلندی درجات کی دعا کی۔۔۔ اللہ تعالیٰ پولیس کے شہداء کے درجات بلند فرمائیں اور زخمیوں کو صحت کاملہ عطا فرمائے آمین

بقیہ 51

گروہ جنگ کو ختم کرنے کا واحد راستہ ہے۔ Y

بقیہ 52

نے پی این ایس سی کے بیڑے میں اضافے کیلئے تیز رفتاری سے بحری جہاز لینے کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے کہا کہ پی این ایس سی کے بیڑے میں بحری جہاز کم ہونے کی وجہ سے سمندر کے راستے تجارت پر قومی خزانے سے سالانہ 4 بلین ڈالر کا قیمتی زرمبادلہ خرچ کرنا پڑ رہا ہے، دو ہفتے کے اندر اندر پی این ایس سی کا بزنس پلان پیش کیا جائے جس میں قومی خزانے سے سالانہ 4 بلین ڈالر کا بوجھ ختم کرنے کا لائحہ عمل شامل ہو۔

بقیہ 53

21 جون بروز ہفتہ دن 3 بجے خان اشرف خان اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلا جائیگا۔

بقیہ 54

علاقائی اور عالمی مسائل سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے علاقائی امن واستحکام کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کو اجاگر کیا، فیلڈ مارشل نے معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص کی تفصیلات اور تجزیے پر روشنی ڈالی۔ فیلڈ مارشل نے دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کا موقف بیان کیا، اور علاقائی عناصر کے ہائبرڈ وار فیئر کے تحت دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والے منفی کردار کا ذکر کیا، ملاقات میں پاکستان اور امریکا کے دیرینہ تعلقات کا جائزہ بھی شامل تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مشترکہ اسٹریٹجک مفادات اور اقتصادی تعاون پر مبنی وسیع تعلقات پر زور دیا، علاقائی اور عالمی تنازعات کے حوالے سے پاکستانی نقطہ نظر کی بھی وضاحت کی۔ فیلڈ مارشل نے دونوں ممالک کے درمیان انسداد دہشت گردی، علاقائی سلامتی اور اقتصادی ترقی جیسے شعبوں میں تعاون پر زور دیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان عالمی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صف اول پر رہا ہے، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں، پاکستان علاقائی کشیدگی کو کم کرنے اور تعاون پر مبنی سیکیورٹی فریم ورک کے فروغ میں ذمہ دارانہ اور فعال کردار ادا کرتا رہے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل نے پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، معدنیات و قدرتی وسائل سمیت بے شمار مواقعوں پر روشنی ڈالی، سید عاصم منیر نے مشترکہ خوشحالی کیلئے عالمی شراکت داروں کو ان شعبوں میں تعاون کی دعوت دی۔ شرکا نے فیلڈ مارشل کے موقف کی کھلے دل سے وضاحت کو سراہا اور پاکستان کی اصولی و مستقل پالیسیوں کی تعریف کی۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق یہ ملاقات پاکستان کے شفاف سفارتکاری، بین الاقوامی روابط اور اصولوں پر مبنی پرامن بقائے باہمی کی پالیسی کی عکاس تھی۔

بقیہ 55

دعووں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے پہلگام واقعے میں بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر الزامات عائد کیے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے واقعے کی آزاد اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے مطالبے کو مسترد اور تحمل دکھانے کی بین الاقوامی اپیلوں کو نظرانداز کیا۔ یہ بات چیت اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے جاری اجلاس کا حصہ تھی۔ طیب احمد نے کہا کہ اس سے پہلے کہ اس کی اپنی تفتیشی ایجنسیاں شواہد کے لیے عوامی اپیل جاری کرتیں، بھارت نے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام پر ظلم وستم مزید تیز کر دیا۔ اس سے بھی بدتر یہ کہ بھارت نے پاکستان میں شہریوں، رہائشی علاقوں اور عبادت گاہوں پر جان بوجھ کر اور بلاجواز فوجی حملے کیے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی معاہدہ برائے شہری وسیاسی حقوق) آئی سی سی پی آر (اور بین الاقوامی معاہدہ برائے معاشی، سماجی وثقافتی حقوق) آئی سی ای ایس سی آر (کے مشترکہ آرٹیکل 1 کے تحت خود ارادیت کے حق پر بھارت کے تحفظات اس) کشمیریوں کے (بنیادی حقوق سے انکار کا ایک بہانہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مقبوضہ کشمیر سمیت دیگر علاقوں پر بھارتی قبضے اور نئی دہلی کے ان علاقوں میں ظلم وستم کے خلاف بڑی تعداد میں تحریکیں اٹھ رہی ہیں، لیکن بھارت جغرافیائی سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے دہشت گردی کو بڑھاوا دینے کے راستے پر گامزن ہے۔ طیب احمد نے کہا کہ جموں وکشمیر کا تنازع جنوبی ایشیا میں دیرپا امن اور خوشحالی کی ضمانت ہے، اس کا حل مستقبل میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوگا۔ پاکستان کے نمائندے نے مزید کہا کہ جموں وکشمیر کا خطہ کبھی بھارت کا نام نہاد اٹوٹ انگ تھا نہ ہے اور نہ ہی کبھی ہوگا، یہ ایک بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع علاقہ ہے جب تک کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق خودارادیت کے اپنے ناقابل تنسیخ حق کا استعمال نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، اپنی مغربی سرحدوں پر دہشت گردی کے خطرے کے حوالے سے بھارت سے بات چیت کے لیے تیار ہے اور بھارت کے برعکس، ہمارے پاس اس معاملے پر ٹھوس بات چیت کے لیے ثبوت موجود ہیں۔ طیب احمد کا کہنا تھا کہ پاکستان یا مسلمانوں پر الزامات عائد کرنے کے بجائے ہم بھارت پر زور دیتے ہیں کہ وہ ہندوتوا کی بالادستی کی اپنی حاکمانہ خواہش پر نظرثانی کرے، کشمیری عوام کے حق خودارادیت کا احترام کرے اور اہم بات یہ کہ ایک عام ملک کی طرح اپنے اور اپنے پڑوسیوں کے ساتھ امن کے ساتھ رہنے کا راستہ اپنائے

بقیہ 56

تقسیم اور عدم استحکام دیکھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا بڑھتی ہوئی عدم تحفظ، گہری ہوتی ہوئی عدم مساوات اور پائیدار ترقیاتی اہداف (SDGs) کے حصول میں رکاوٹوں کا سامنا کر رہی ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ان چیلنجز کا بوجھ عالمی جنوب پر غیر متناسب طور پر پڑ رہا ہے، اور بڑھتا ہوا قرض، موسمیاتی دباؤ، بھوک اور محرومی دنیا کے کئی حصوں میں عدم استحکام کو ہوا دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ سلامتی کونسل طویل عرصے سے امن اور ترقی کے باہمی تعلق کو تسلیم کرتی آئی ہے، تاہم ضروری ہے کہ یہ فہم اس کے کام میں مزید مؤثر انداز میں شامل کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تنازعات کی بنیادی وجوہات جیسے غیر ملکی قبضہ، امتیازی سلوک، اور حق خودارادیت کی نفی کا حل بین الاقوامی قانون کے مستقل اور اصولی اطلاق کے ذریعے کیا جائے۔ تنازعات کی روک تھام کے لیے سفارت کاری اور فوری حل سے ہٹ کر جامع نظامی طریقہ کار اپنایا جائے۔ امن قائم رکھنے کی کوششوں میں ترقیاتی عوامل کو شامل کیا جائے اور ECOSOC، امن بلڈنگ کمیشن، اور اقوام متحدہ کی ترقیاتی ایجنسیوں کے ساتھ قریبی تعاون کیا جائے۔ جوابی حکمت عملیاں مقامی حالات کے مطابق ترتیب دی جائیں، اور قومی حکومتوں کی غربت و پسماندگی کے خلاف کوششوں کی حمایت کی جائے۔ علاقائی تنظیموں جیسے افریقی یونین، یورپی یونین، اسلامی تعاون تنظیم، اور آسیان کے ساتھ ادارہ جاتی شراکت داری کو فروغ دیا جائے تاکہ مؤثر طور پر تنازعات کا حل ممکن ہو۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ ہم دیرپا امن کی بات نہیں کر سکتے جب تک ترقی کو نقصان پہنچانے والے ساختی حالات کا ازالہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو غیر منصفانہ عالمی معاشی ڈھانچوں نے پیچھے رکھا ہوا ہے، جو انہیں ناقابل برداشت قرض، بھوک، اور بگڑتے ہوئے موسمیاتی جھٹکوں کا سامنا کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ ان کے پاس وسائل اور دولت موجود ہیں، ترقی پذیر ممالک اکثر ان وسائل کی لوٹ مار کا نشانہ بنتے ہیں، جس سے ترقی یافتہ دنیا کو فائدہ پہنچتا ہے۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا: "بہت سے ممالک غیر منصفانہ اور غیر مساوی عالمی نظاموں میں پھنسے ہوئے ہیں جو غربت اور پسماندگی کو برقرار رکھتے ہیں

بقیہ 57

چانسلر فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر صائمہ حمید، سابق سیکرٹری منظور حسین چوہدری، چوہدری محمد محبوب ایڈووکیٹ، محمد حنیف ایڈووکیٹ، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن چوہدری محمد طیب، نمائندہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان طارق اقبال اور دیگر سینٹ ممبران نے شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف کوٹلی پروفیسر ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور سینٹ ممبران کو جامعہ کوٹلی میں تعلیمی سرگرمیوں اور جاری پروجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی۔ صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے وائس چانسلر یونیورسٹی آف کوٹلی پروفیسر ڈاکٹر ذکریا ذاکر کو ہدایت کی کہ جامعہ کوٹلی کے معاملات کو یکسو کیا جائے تاکہ وہاں پر تدریسی سرگرمیاں بتدریج پروان چڑھ سکیں اور اس میں بہتری آ سکے۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے سینٹ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لئے تمام تر وسائل اور توانائیاں بروئے کار لائی جائیں گی اس سلسلے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں رکھی جائے گی۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر جامعات بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ میں جامعہ کوٹلی کو آکسفورڈ، ہارورڈ یونیورسٹی اور دنیا کی دوسری بہترین یونیورسٹیز کی فہرست میں دیکھنا چاہتا ہوں۔ صدر آزاد جموں وکشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر جامعات بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے وائس چانسلر جامعہ کوٹلی پروفیسر ڈاکٹر ذکریا ذاکر کو ہدایت کی کہ یونیورسٹی میں معیار تعلیم کی بہتری کے لئے ہر ممکن کوششیں کی جائیں اور یونیورسٹی کے جاری ترقیاتی منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے

بقیہ 58

کے مطابق جملہ سرکاری اور پرائیویٹ سرمائی تعلیمی ادارے 21 سے 30 جون تک بند رہیں گے۔

بقیہ 59

امریکی مداخلت کی دھمکیوں کے خلاف بھی نعرے بازی کی۔ ایران کے سرکاری ٹی وی کی فوٹیج میں دکھایا گیا کہ تہران میں مظاہرین نے ان کمانڈروں کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں جو 13 جون کو اسرائیلی حملے میں شہید ہو گئے تھے جب کہ کچھ افراد نے ایران، فلسطین اور حزب اللہ کے پرچم اٹھا رکھے تھے۔ مظاہرین کے ایک بینر پر لکھا تھا: میں اپنے رہنما پر اپنی جان قربان کر دوں گا"، جو رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کے لیے حمایت کا اظہار تھا۔ سرکاری ٹیلی ویژن کے مطابق، شمال مغربی ایران کے شہر تبریز اور جنوبی شہر شیراز میں بھی مظاہرے کیے گئے۔ عالمی میڈیا کے مطابق ایران نے ایک بار پھر اسرائیل کے جنوبی شہر بیرشیبہ پر جدید میزائلوں کی بارش کر دی، جس سے علاقے میں شدید مالی نقصان ہوا، کئی گاڑیاں جل گئیں، اور مائیکروسافٹ آفس کے قریب بڑے پیمانے پر آگ بھڑک اٹھی۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق یہ حملہ جمعہ کی صبح کیا گیا۔ ایرانی میزائل ایک رہائشی علاقے میں گرا جس کے باعث قریبی عمارتیں ملبے کا ڈھیر بن گئیں، گاڑیوں اور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا۔ اگرچہ کوئی جانی نقصان رپورٹ نہیں ہوا، لیکن مالی نقصان کافی زیادہ ہے